Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | منگل ،7 جولائی 2026ء ، 21 محرم الحرام 1448ھ ، قیمت 20 روپے | شمارہ 82

اپنا کھیت، اپنا روزگار سکیم کی قرعہ اندازی 30 ہزار خاندانوں کو سرکاری زمین کا مالک بنا دیا گیا

وزیراعلیٰ کی سکیم کے تحت 30 ہزار خاندانوں محض 100 روپے سالانہ کی علامتی لیز پر 20 سال کیلئے ملکیتی حقوق دے دیئے، نادار خاندانوں کو اراضی کاشت کرنے کیلئے فی ایکڑ 50 ہزار روپے کی مالی امداد بھی ملے گی

اپنا کھیت اپنا روزگار سکیم کے تحت ایگریکلچر ایکسٹینشن ٹیکنیکل سپورٹ بھی فراہم کریگا، سکیم اپریل میں لانچ کی، تین ماہ سے کم مدت میں مکمل کرنے پر وزیر زراعت اور ٹیم کو شاباش، کامیاب امیدواروں کو جلد لیز سرٹیفکیٹ مل جائیگا

اسلام آباد: پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں 'سمر اسکول کیمپ 2026' کے دوسرے بیچ کا آغاز ہو رہا ہے، جس میں بچے تیراکی، مارشل آرٹس، جمناسٹکس، خود دفاع اور دیگر سرگرمیوں میں حصہ لیں گے

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب کے 30 ہزار غریب خاندانوں کو قابل کاشت سرکاری زمین کا مختار بنا دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے خصوصی تقریب میں اپنا کھیل اپنا روزگار سکیم کیلئے ڈیجیٹل قرعہ اندازی کی اور 30 ہزار خاندانوں کو محض 100 روپے سالانہ کی علامتی لیز پر 20 سال کے لیے ملکیتی حقوق دے دیئے گئے۔ سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو (بقیہ نمبر 13)

سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی پاکستان کی سالمیت پر حملہ ہے، عظمیٰ بخاری

بھارت پانی کو ہتھیار بنانے کی غلط فہمی ترک کرے، پاکستان ہر جارحیت کا جواب دینا جانتا ہے

بی جے پی کی فسطائی سوچ عالمی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے، وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ بھارت کی بی جے پی حکومت فسطائی طرز عمل اختیار کیے ہوئے ہے اور وہ یہ سمجھتی ہے کہ سندھ طاس معاہدے اور پانی کی تقسیم سے متعلق عالمی قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی کر کے (بقیہ نمبر 14)

حکومتی ڈیڈ لائن ختم، افغان شہریوں کیخلاف کارروائیاں تیز

ذرائع کے مطابق افغان سٹیزن کارڈ کے حامل افراد کو کیمپ سے افغانستان بھجوایا جائیگا

راولپنڈی (این این آئی) حکومتی ڈیڈ لائن ختم ہونے کے بعد افغان شہریوں کیخلاف کارروائیاں تیز کر دی گئیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق افغان سٹیزن کارڈ کے حامل افراد کی گرفتاریاں شروع ہو گئی ہیں اور مختلف علاقوں (بقیہ نمبر 17)

وزیراعلیٰ گلگت امجد حسین ایڈووکیٹ نے حلف اٹھا لیا

عوام نے پیپلز پارٹی کو بھاری مینڈیٹ دیکر اہم ذمہ داری دی ہے، امجد حسین ایڈووکیٹ کا خطاب

گلگت (این این آئی) نومنتخب وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین ایڈووکیٹ نے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ تفصیلات کے مطابق گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ نے امجد حسین ایڈووکیٹ سے وزیراعلیٰ گلگت بلتستان کے عہدے (بقیہ نمبر 16)

پاکستان میں سیاست جھگڑے اور دشمنی کا دوسرا نام ہے، بلاول

گلگت بلتستان کے عوام کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں، یہاں کے عوام کو آئینی حقوق دلوائے جائیں گے

گلگت (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان میں سیاست جھگڑے اور دشمنی کا دوسرا نام ہے، گلگت بلتستان کے عوام کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں، یہاں کے عوام کو آئینی حقوق (بقیہ نمبر 15)

معاشی استحکام حکومت کی اقتصادی حکمت عملی کا بنیادی ستون ہے، سرمایہ کاروں کے اعتماد کیلئے ناگزیر ہے

سرمایہ کاری بہتر کیلئے پرعزم ہیں

وزیر خزانہ

حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات دینے کیلئے پُرعزم، سینیٹر اورنگزیب نے انویسٹ پاک پورٹل کا افتتاح کر دیا، جاز کیشن ایپ کے ذریعے 5 ہزار روپے سے انوسٹمنٹ کی جا سکتی ہے، خطاب

سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے مؤثر اقدامات کئے جا رہے ہیں، انوسٹ پاک پورٹل ڈیجیٹل سرمایہ کاری کے فروغ میں اہم کردار ادا کریگا، گورنر اسٹیٹ بینک

کراچی (این این آئی) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات دینے کیلئے پُرعزم ہے، پاکستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ پیر کو وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے انویسٹ پاک پورٹل کا افتتاح کر دیا۔ انویسٹ پاک پورٹل کے افتتاح کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ انویسٹ پاک پورٹل کے افتتاح پر گورنر سٹیٹ بینک کو مبارکباد دیتا ہوں، انویسٹ پارک پورٹل سرمایہ کاری کے نئے دور کا آغاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ انویسٹ پاک پورٹل کا مقصد ملک میں بیرونی سرمایہ کاری کو فروغ دینا ہے، انویسٹ پاک پورٹل سے سرمایہ کاروں کیلئے آسانیاں پیدا ہوں گی، پاکستان میں سرمایہ کاری کے (بقیہ نمبر 29)

عوام کو بہترین خدمات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ذمہ داری

تمام افسران کو ہدایت کی کہ دفاتر میں وقت کی پابندی، نظم وضبط، شفافیت اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے اپنی تعیناتی کے پہلے روز ڈپٹی کمشنر آفس میں تعارفی اجلاس کی صدارت کی

راولپنڈی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی، کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے اپنی تعیناتی کے پہلے روز ڈپٹی کمشنر آفس میں تعارفی اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل)، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈکوارٹر)، اسسٹنٹ کمشنرز اور مختلف محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوام کو بہترین خدمات (بقیہ نمبر 10)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق الائیڈ ہسپتال فیصل آباد میں ڈیپارٹمنٹ آف پلاسٹک سرجری اینڈ برن سنٹر کا سوسرجری کا افتتاح کر رہے ہیں

7 نئے سیمنٹ پلانٹس کیلئے 700 ملین ڈالر سرمایہ کاری کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی فاسٹ ٹریک پالیسی کے تحت 7 نئے سیمنٹ پلانٹس کیلئے 700 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی منظوری دی گئی، ریگولیٹری (بقیہ نمبر 19)

سندھ طاس معاہدہ ملکی بقا کی شہ رگ ہے، وزیر اطلاعات

سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ معطل کرنے کی کوئی قانونی حیثیت نہیں، عطا تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے کے تحت پاکستان کا پانی پر حق ناقابل تنسیخ ہے اور یہ ملک کی بقا کی شہ رگ ہے جس کا ہر قیمت پر تحفظ کیا جائے گا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر پوسٹ میں عطا تارڑ نے کہا (بقیہ نمبر 18)

51 ویں بین الاقوامی نتھیا گلی سمر کالج کا افتتاح

گزشتہ پچاس برسوں کے دوران اس سمر کالج میں دنیا کے نامور سائنسدانوں جن میں نوبیل انعام یافتہ سائنسدان بھی شامل تھے

51 ویں بین الاقوامی نتھیا گلی سمر کالج پانچ اہم بین الشعبہ جاتی موضوعات پر مشتمل ہے، ڈاکٹر راجہ علی رضا انور کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے چیئرمین ڈاکٹر راجہ علی رضا انور نے 51 ویں انٹرنیشنل نتھیا گلی سمر کالج کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر انہوں نے سائنسی تحقیق، جدت، اعلیٰ تعلیم، انسانی صلاحیتوں کی ترقی اور عالمی سائنسی تعاون کے فروغ کے لیے پاکستان کے عزم کو سراہا۔ اٹامک انرجی کمیشن کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے زیر اہتمام 6 سے 18 جولائی (بقیہ نمبر 9)

ویں انٹرنیشنل نتھیا گلی سمر کالج کے افتتاحی تقریب کے موقع پر پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے چیئرمین ڈاکٹر راجہ علی رضا انور کا شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

نامعلوم افراد نے 132 کے وی بجلی کے ٹاور کو دھماکے سے تباہ کر دیا

نصیر آباد (این این آئی) نصیر آباد میں نامعلوم افراد نے 132 کے وی بجلی کے ٹاور کو دھماکے سے تباہ کر دیا۔ پولیس کے مطابق دھماکے کے بعد بولان سمیت مختلف علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہو گئی، واقع کی کیسکو نے بھی تصدیق کر دی ہے۔ پولیس کے مطابق واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔ (بقیہ نمبر 20)

30 غیر رجسٹرڈ سکول کو سیل کرنے کا فیصلہ، نوٹسز جاری

744 سے زائد سکولوں کو رجسٹریشن سے متعلق نوٹسز جاری کیے جا چکے، سی ای او ایجوکیشن اتھارٹی

غیر رجسٹرڈ تعلیمی اداروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کا عمل جاری رہے گا، محکمہ تعلیم

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں غیر رجسٹرڈ نجی سکولوں کے خلاف کارروائی تیز کرتے ہوئے 30 سکولوں کو سیل کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ محکمہ تعلیم نے ان اداروں کو متعدد بار رجسٹریشن کرانے کے نوٹسز جاری کیے، تاہم مقررہ مدت گزرنے کے باوجود عملدرآمد نہ ہونے پر سخت کارروائی کا فیصلہ کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی نے متعلقہ سکولوں کو سیل کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ (بقیہ نمبر 21)

ایم ایس نشتر ہسپتال ملتان ڈاکٹر راؤ امجد علی خان کو عہدے سے ہٹا دیا گیا

لاہور (این این آئی) ایم ایس نشتر ہسپتال ملتان ڈاکٹر راؤ امجد علی خان کو عہدے سے ہٹا دیا گیا اور انہیں فوری طور پر محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔ نشتر ہسپتال ملتان کے پرنسپل میڈیکل آفیسر ڈاکٹر (بقیہ نمبر 22)

لاہور: پاکستان میں پرتگال کے سفیر پاؤلو دمنگو کو لاہور چیمبر آمد کے موقع پر صدر فہیم الرحمٰن سہگل دیگر عہدیداران کے ہمراہ یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

ماسٹر مائنڈ اسمگلنگ اور ویزا فراڈ میں ملوث انسانی اسمگلر گرفتار

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے انسداد انسانی سمگلنگ سرکل لاہور نے کارروائی کرتے ہوئے ماسٹر مائنڈ اسمگلنگ اور ویزا فراڈ میں ملوث انسانی اسمگلر کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت محبوب عادل کے نام سے ہوئی ہے، (بقیہ نمبر 23)

اراضی کی ملکیت کا تعین دیوانی عدالت کا اختیار ہے

ریونیو رپورٹ سے متعلق اعتراض متعلقہ ریونیو فورم پر اٹھایا جا سکتا ہے، عدالت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے واضح کیا کہ اراضی کی ملکیت کا تعین اراضی پر مبینہ پولیس مداخلت سے متعلق کیس کی سماعت کرتے ہوئے سی پی او گوجرانوالہ کی رپورٹ پر درخواست نمٹا دی، چیف جسٹس عالیہ نیلم نے کہا کہ ریونیو رپورٹ دیوانی عدالت کا اختیار ہے جبکہ ریونیو رپورٹ سے متعلق اعتراض متعلقہ ریونیو فورم پر اٹھایا جا سکتا ہے۔ چیف جسٹس (بقیہ نمبر 24)

صدر زرداری کا گروپ کیپٹن عاصم طارق کی شہادت پر اظہار افسوس

جان کا نذرانہ پیش کرنا اعلیٰ انسانی اقدار اور قومی خدمت کی روشن مثال ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے گروپ کیپٹن عاصم طارق کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک بے گناہ خاتون کے (بقیہ نمبر 30)

لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی کی ایم پنجاب چیمپئن لیگ کے انتظامات کے حوالے سے نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزارت مذہبی امور نے پرائیویٹ حجاج کرام سے فیڈ بیک طلب کر لیا

پرائیویٹ حجاج شکایات، اعتراضات یا تجاویز 20 جولائی تک جمع کرائیں

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور نے گزشتہ سال کے پرائیویٹ حجاج کرام سے فیڈ بیک طلب کر لیا۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق پرائیویٹ (بقیہ نمبر 31)

موسون سے قبل بڑے نالے اور آبادی کے شدید نقصان کا خطرہ

نالوں کی ابتر صورتحال

96 لاکھ کا ٹھیکہ صرف فوٹو سیشن نکلا سوشل میڈیا پر وائرل تصاویر نے بلدیہ اور ٹھیکیدار کے مبینہ گٹھ جوڑ کا بھانڈا پھوڑ دیا

شہریوں کا وزیراعلیٰ پنجاب سے مطالبہ ڈنگ ٹپاؤ پالیسی پر بلدیاتی فنڈز کا فوری آڈٹ اور ہائی پروفائل انکوائری عمل میں لائی جائے

گوجر خان (قمر شہزاد) بلدیہ گوجر خان کی نااہلی، غفلت اور کرپشن کی مبینہ داستانیں ایک بار پھر کھل کر سامنے آ گئی ہیں۔ مون سون کا سیزن سر پر ہے، مگر شہر کے مین نالے کی تباہ کن حالت زار کسی بھی وقت بڑے جانی و مالی سانحے کا موجب اور مقامی آبادی کے لیے ہولناک نقصان کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتی ہے۔ سابق سی او بلدیہ کے دور میں چند ماہ قبل اس مین نالے کی صفائی کے نام پر 6 کروڑ 90 لاکھ روپے کا (بقیہ نمبر 8)

این سی سی آئی اے کا سائبر کرائم کے خلاف کریک ڈاؤن

بچوں اور خواتین کو نشانہ بنانے والے 3 ملزمان گرفتار، ترجمان این سی سی آئی اے

لاہور (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے بچوں اور خواتین کے خلاف سائبر کرائم میں ملوث 3 ملزمان گرفتار کر لیے۔ ترجمان کے مطابق کسن بچوں کے ساتھ نازیبا حرکات اور قابل اعتراض مواد رکھنے والے ملزم علی اکرم کو گرفتار کیا گیا جبکہ خواتین کو بلیک میل اور ہراساں کرنے والے محمد عاصم اور محسن بھی پکڑے (بقیہ نمبر 32)

سربجیت سنگھ حملہ کیس کا اہم کردار عامر عرف تانبا انتقال کر گیا

لاہور (این این آئی) بھارتی جاسوس سربجیت سنگھ پر 2013ء میں جیل میں ہونے والے حملے میں نامزد ملزم عامر سرفراز عرف عامر تانبا کا انتقال ہو گیا۔ عامر تانبا اس ہائی پروفائل کیس میں عدالت سے بری ہو (بقیہ نمبر 33)

موجودہ صورتحال میں ملک کو سنجیدہ چیلنجز کا سامنا ہے، سپیکر

حکومت اور افواج ملکر ملک کو درپیش مسائل سے نکالنے کی کوششوں میں لگے ہوئے ہیں، میڈیا سے گفتگو

سرگودھا سمیت صوبہ کے تمام اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے، ملک محمد احمد خان

سرگودھا (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے کہا ہے کہ موجودہ صورتحال میں پاکستان کو سنجیدہ نوعیت کے چیلنجز کا سامنا ہے۔ نجی ہسپتال کے افتتاح کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کے دوران انہوں نے کہا کہ حکومت اور افواج ملکر ملک کو درپیش مسائل سے نکالنے کی کوششوں میں لگے ہوئے ہیں۔ ملک احمد خان نے کہا کہ جدید طبی سہولیات کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے، صحت کے شعبے کی بہتری حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ نجی شعبہ صحت کی سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی (بقیہ نمبر 34)

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان، صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات، سیکرٹری ایکسائز مسعود مختار، ڈی جی پنجاب سی این ایف بریگیڈیئر مظہر اقبال کا قصور میں پنجاب کانسٹرنا کوکس فورس اسٹیشن کی افتتاحی تقریب میں گروپ فوٹو

عمر فاروق گوندل کی اہلیہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار

اللہ تعالیٰ مرحومہ کو کامل مغفرت فرمائے ان کے درجات بلند کرے

سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں، ڈائریکٹر انفارمیشن احمد نعیم ملک

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) ڈائریکٹر انفارمیشن سرگودھا ڈویژن احمد نعیم ملک نے سرگودھا پریس کلب کے رکن عمر فاروق گوندل کی اہلیہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ عمر فاروق گوندل کی اہلیہ کے (بقیہ نمبر 12)

پی ایم ایس کے 14 ویں بیچ کی پاسنگ آؤٹ تقریب

چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے افسران میں اسناد تقسیم کیں

لاہور (این این آئی) پروونشل مینجمنٹ سروس کے 14 ویں بیچ کے افسران کی تقرری کے بعد کے تربیتی مراحل کی کامیاب تکمیل پر پاسنگ آؤٹ تقریب کا انعقاد پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ اینڈ پروفیشنل (بقیہ نمبر 28)

کیو آر پینک بٹن نہ لگوانے والوں کو 10 جولائی تک مہلت

10 جولائی کے بعد خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بھرپور کریک ڈان کیا جائے گا، سی ٹی او لاہور

رکشہ یونینز کے مطالبے پر شہریوں کی سہولت کے لیے مزید 4 نئے لائسنس سینٹرز بھی قائم کر دیئے گئے ہیں

لاہور (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر لاہور نے پبلک ٹرانسپورٹ، آن لائن کیب سروسز اور رکشوں میں کیو آر پینک بٹن کی تنصیب نہ کرانے والوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں توسیع کرتے ہوئے 10 جولائی تک مہلت دے دی ہے۔ سی ٹی او لاہور کے مطابق رکشہ یونینز، آن لائن کیب سروسز اور پبلک ٹرانسپورٹ آپریٹرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مقررہ مدت کے اندر تمام گاڑیوں میں کیو آر پینک بٹن نصب کروالیں، بصورت دیگر 10 جولائی کے بعد خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بھرپور کریک ڈان کیا جائے گا۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 25)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان برج ضلع اٹک میں جناح گاہ کی تعمیر کے موقع پر تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی میں 7 روزہ انسدادِ پولیو مہم کا آغاز کر دیا گیا

محکمہ صحت کے مطابق پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی کے لیے 7 ہزار 358 پولیس اہلکار تعینات

کراچی (این این آئی) کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے شہر میں پولیو سے بچاؤ کی 7 روزہ مہم کا آغاز کر دیا۔ تقریب قومی ادارہ برائے امراضِ اطفال میں منعقد کی گئی۔ محکمہ صحت کا کہنا ہے کہ مہم کے دوران 25 لاکھ بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا (بقیہ نمبر 27)

پارلیمانی رپورٹرز ایسوسی ایشن کے صدر ایم بی سومرو کی ساس کا انتقال

پی آئی ڈی حیدرآباد کے افسران مرحومہ کی روح کے ایصالِ ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی

حیدرآباد (پ ر): پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ (پی آئی ڈی) حیدرآباد کے افسران اور عملے کی جانب سے پارلیمانی رپورٹرز ایسوسی ایشن (پی آر اے) پاکستان کے صدر ایم بی سومرو کی خوش دامن (ساس) کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا (بقیہ نمبر 26)

لاہور: پاکستان میں پرتگال کے سفیر پاؤلو دمنگو کو لاہور چیمبر آمد کے موقع پر صدر فہیم الرحمٰن سہگل دیگر عہدیداران کے ہمراہ یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری سے تبدیل ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر کوٹ مومن اختر ملک کی خدمات کو سراہا

اختر ملک اپنی نئی ذمہ داریوں میں بھی اسی جذبے اور محنت سے سرانجام دیتے ہوئے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کردار ادا کرینگے

ڈپٹی کمشنر نے اختر ملک کو ان کی خدمات کے اعتراف میں یادگاری شیلڈ پیش کی اور ان کے روشن مستقبل کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

سرگودھا۔ ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری تبدیل ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر کوٹ مومن اختر ملک کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری سے تبدیل ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر کوٹ مومن اختر ملک نے ان کے دفتر میں الوداعی ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے اختر ملک کی بطور اسسٹنٹ کمشنر کوٹ مومن خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنے فرائض ذمہ داری، دیانت داری اور عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ انجام دیے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اختر ملک اپنی نئی ذمہ داریوں میں بھی اسی جذبے اور محنت سے خدمات سرانجام دیتے ہوئے عوام کی فلاح و بہبود اور بہتر طرز حکمرانی کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔ اسسٹنٹ کمشنر اختر (بقیہ نمبر 11)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar — عوام کی بے ساختہ للکار — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

جعلی ادویہ کی روک تھام

ملک میں ایڈز اور ہیپاٹائٹس کے پھیلاؤ اور جعلی اور زائد المیعاد ادویہ کی روک تھام کیلئے ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی (ڈریپ) کی جانب سے ادویات پر بارکوڈ لگانے اور دوبارہ قابلِ استعمال سرنجوں کی تیاری' فروخت اور درآمد پر یکم جنوری سے مکمل پابندی کا اعلان وقت کی اہم ضرورت ہے۔ یہ اقدام طبی شعبے میں شفافیت لانے اور غیر معیاری مصنوعات کے سدباب میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ادویات کے پیکٹوں پر میعاد کے حوالے سے بارکوڈ پرنٹ کرنے کی تجویز 2015ء میں سامنے آئی تھی اور 2017ء میں کابینہ نے اس کی منظوری دی تھی مگر گزشتہ آٹھ سال میں اس جانب کوئی خاص پیشرفت نہ ہوسکی حالانکہ اس دوران زائد المیعاد ادویات کو نئی تاریخ کے ساتھ مارکیٹ میں بیچنے کے کئی بڑے سکینڈلز سامنے آئے۔

اسی طرح ایڈز اور دیگر متعدی امراض کے پھیلاؤ کی ایک بڑی وجہ سرنجوں کا غیر محفوظ اور دوبارہ استعمال دیکھا گیا ہے' لہٰذا اس تناظر میں یہ فیصلے اہم ہیں' تاہم محض قوانین بنا دینا کافی نہیں' اصل چیلنج ان قوانین پر سختی سے عملدرآمد کرانا ہے۔ متعلقہ انتظامیہ کو اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ مقررہ مدت کے بعد مارکیٹ میں موجود تمام ادویات پر بارکوڈ موجود ہو جبکہ قابلِ تجدید سرنجوں کی فروخت پر بھی سختی سے قدغن لگانا ہوگی۔ اس کے ساتھ ساتھ ہسپتالوں اور کلینکس میں طبی آلات کو جراثیم کش بنانے کے عمل اور دیگر طبی پروٹوکولز پر بھی سو فیصد عملدرآمد یقینی بنانا ہوگا۔ عوام میں اس حوالے سے شعور بیدار کرنا بھی ناگزیر ہے تاکہ لوگ خود بھی اس حوالے سے محتاط رہیں۔

طالبان حکومت کا معاندانہ رویہ

محمد عبداللہ حمید گل

تاریخ گواہ ہے کہ جب ساری دنیا نے افغانستان کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا' یہاں تک کہ ہندوستان' جو افغانوں سے دوستی کے دعوے کرتا تھا' اس نے بھی منہ پھیر لیا تب بھی ہم نے انہیں تنہا نہیں چھوڑا۔ دسمبر 1979ء سے فروری 1989ء تک افغانستان پر سوویت یونین کے حملے اور قبضے کے دوران اندازاً 18 لاکھ افغان جان کی بازی ہار گئے' جن میں تقریباً تین لاکھ بچے بھی شامل تھے۔ اس دوران اور اس کے بعد بھی پاکستان نے کئی دہائیوں تک 50 لاکھ سے زائد افغان مہاجرین کیلئے اپنے دروازے کھلے رکھے۔ نہ صرف انہیں پناہ اور تحفظ فراہم کیا بلکہ تعلیم' صحت' روزگار کے مواقع اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر بھرپور امداد بھی مہیا کی۔ بہت سے افغان مہاجرین نے پاکستان کے ساتھ گہرے سماجی اور معاشی تعلقات قائم کیے' اور جب ان کی وطن واپسی کا عمل شروع ہوا تو متعدد خاندان جذباتی انداز میں پاکستان کو الوداع کہتے ہوئے روانہ ہوئے۔ وسیع انسانی امداد فراہم کرنے کے علاوہ پاکستان نے افغان مزاحمت کی حمایت میں بھی اہم کردار ادا کیا اور سوویت افواج کو افغانستان سے انخلا پر مجبور کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ بدلے میں پاکستان کو کیا ملا؟ پاکستان کے سکیورٹی اہلکاروں پر حملے' بھارتی ایما پر پاکستانی سرزمین پر دہشت گردی' جارحیت' نفرت انگیز بیان بازی اور کالعدم دہشت گرد تنظیموں اور ان کے کارندوں کیلئے افغانستان میں محفوظ پناہ گاہیں۔ ستم ظریفی یہ ہے کہ وہی بھارت جو برسوں تک طالبان کو دہشت گرد قرار دیتا رہا' اگست 2021ء میں طالبان کے دوبارہ برسر اقتدار آنے کے بعد اپنی افغان پالیسی میں تبدیلی لے آیا جس میں پاکستان مخالف عنصر نمایاں ہے۔ طالبان کی عبوری حکومت کے ساتھ نئی دہلی نے سفارتی روابط بحال کیے' موجودہ حالات کے تناظر میں دونوں فریقوں کے تعلقات میں مزید اضافہ ہوا ہے جو علاقائی امن و استحکام کیلئے نیک شگون نہیں۔ جبکہ بلوچستان سے لے کر کراچی تک اسرائیل' بھارت' افغانستان گٹھ جوڑ اور بھارت کی پاکستان مخالف پراکسی وار بے نقاب ہو چکی ہے۔ وطنِ عزیز میں 2024ء کے آخر سے دہشت گردی کے واقعات میں بدترین اضافہ دیکھنے میں آیا جبکہ 2025ء اور رواں برس 2026ء خاص طور پر خونریز ثابت ہوئے ہیں۔ افسوس! آج افغانستان کی طالبان حکومت اسی ملک کے ساتھ دفاعی تعلقات استوار کرنے میں محو ہے' جس کی فوجی مداخلت نے افغان عوام کو بے پناہ مصائب سے دوچار کیا تھا۔ ایسے میں یہ سوال اٹھتا ہے کہ آخر وہ کون سی وجوہات ہیں جن کے باعث افغانستان کا رویہ پاکستان کے بارے میں تبدیل ہو گیا' جس نے برسوں تک لاکھوں افغان مہاجرین کو پناہ دی اور مشکل ترین وقت میں اس کے ساتھ کھڑا رہا۔

دوسری جانب اسلام آباد کی طرف سے بارہا تحفظات کے اظہار کے باوجود افغان حکام نے نہ تو دہشت گرد گروہوں سے اعلانیہ لاتعلقی اختیار کی اور نہ ہی ان کے ڈھانچے کو ختم کرنے کیلئے مؤثر اور واضح اقدامات کیے ہیں جبکہ پاکستان نے عالمی پلیٹ فارمز پر ثبوت بھی فراہم کیے ہیں کہ بیرونی طاقتیں' خصوصاً بھارت اور اسرائیل' افغانستان کی سرزمین کو پاکستان میں دہشت گردی اور تخریبی کارروائیوں کیلئے استعمال کر رہے ہیں۔ طالبان کی عبوری حکومت دوحہ معاہدے پر پورا نہیں اُتر سکی۔ نہ وہ ایک جامع اور نمائندہ حکومت قائم کر سکی' نہ ہی خواتین کے بنیادی حقوق کا مؤثر تحفظ یقینی بنا سکی۔ افغان عبوری حکومت نے نہ صرف پاکستان کے سکیورٹی خدشات کو مسلسل نظرانداز کیا بلکہ سرحد پار دہشت گردی روکنے کیلئے تعاون کی متعدد پیشکشوں کو بھی قبول نہیں کیا۔ پاکستان نے گزشتہ چار دہائیوں میں طالبان کی سیاسی' سفارتی' انسانی سمیت دیگر شعبوں میں بھرپور حمایت کی۔ اقوامِ متحدہ اور دیگر عالمی اداروں کی رپورٹس کے مطابق افغانستان اس وقت دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہ بن چکا ہے۔ یہاں سرگرم دہشت گرد تنظیموں میں القاعدہ' داعش خراسان' اسلامی موومنٹ آف ازبکستان (IMU)' ایسٹ ترکستان اسلامک موومنٹ (ETIM)' تحریک طالبان پاکستان اور بلوچستان لبریشن آرمی (BLA) شامل ہیں۔ روس کی ایک حالیہ رپورٹ کے مطابق افغانستان میں 23 دہشت گرد تنظیمیں موجود ہیں۔ پاکستان کے پاس بھی ایسے شواہد موجود ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان میں سے بعض تنظیموں کو بیرونی عناصر سے مالی اور لاجسٹک معاونت حاصل ہوتی ہے تاہم متعلقہ ممالک ان الزامات کو مسترد کرتے ہیں۔ متعدد عسکریت پسند گروپوں کو افغان سرزمین پر بھرتی' نظریاتی تربیت اور دہشت گردی کی منصوبہ بندی کے مواقع میسر ہیں اور وہ پاکستان میں مساجد' مدارس' جنازوں' بازاروں اور دیگر عوامی مقامات پر حملوں میں ملوث پائے جاتے ہیں۔ ان گروہوں نے ڈرون جیسے جدید ذرائع بھی استعمال کرنا شروع کر دیے ہیں۔ المیہ تو یہ ہے کہ جن افراد اور گروہوں نے کئی دہائیوں تک پاکستان میں پناہ لی' یہاں تعلیم' علاج' کاروبار اور دیگر سہولیات سے فائدہ اٹھایا' آج انہی کی حکومت کی سرپرستی میں افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہو رہی ہے۔ ٹی ٹی پی کو طالبان کے بعض بااثر دھڑوں اور بیرونی عناصر کی حمایت حاصل ہے اور اب اس میں سابق طالبان جنگجو اور سابق افغان سکیورٹی اہلکار بھی شامل ہوئے ہیں۔ ملا عمر کے دورِ حکومت میں پاکستان اور افغانستان کے تعلقات اپنی تاریخ کے بہترین مرحلے میں تھے۔ کئی دہائیوں بعد پہلی مرتبہ پاکستان کی مغربی سرحد نسبتاً پُرامن اور محفوظ تھی۔ جب اکتوبر 1996ء میں ملا عمر کی قیادت میں پہلی طالبان حکومت قائم ہوئی تو بھارت طالبان کی مذہبی و نظریاتی پالیسیوں کی وجہ سے اس حکومت کے سخت ترین مخالف ممالک میں شامل تھا۔ پاکستان اور افغانستان کے تعلقات میں بگاڑ 2001ء کے بعد پیدا ہوا' جب امریکہ کی قیادت میں افغانستان میں فوجی مداخلت اور حامد کرزئی کی سربراہی میں مغرب کی حمایت یافتہ حکومت کے قیام کے بعد بھارت کابل کا ایک اہم سٹریٹجک شراکت دار بن کر ابھرا۔ یاد رہے کہ یہ بھارت ہی تھا جو افغانستان اور ایران میں موجود اپنے سفارتی مشنز اور انٹیلی جنس نیٹ ورک کے ذریعے پاکستان اور طالبان مخالف سرگرمیوں میں ملوث رہا۔ ٹی ٹی پی نے اس وقت سابق فاٹا اور بلوچستان کے بعض علاقوں میں دوبارہ منظم ہونا شروع کر دیا تھا۔ بھارت نے اس دوران شمالی اتحاد سے وابستہ حکومتوں کی مسلسل حمایت جاری رکھی تو ادھر امریکہ نے بھی منافقانہ کردار نبھایا۔ ایک طرف پاکستان کے اتحادی ہونے کا تاثر دیتا رہا' دوسری طرف خفیہ کارروائیوں کے ذریعے پاکستان کو غیر مستحکم کرنے' اسکی جوہری صلاحیت کو کمزور کرنے اور ملک کو تقسیم کرنے کی سازش کرتا رہا۔ 20 سالہ جنگ کے دوران امریکہ مسلسل افغانستان میں عدم استحکام کا ذمہ دار پاکستان کو ٹھہراتا رہا۔ جب اگست 2021ء میں امریکی اتحادی افواج کا افغانستان سے انخلا ہوا تو اپنے سیاسی اور عسکری اہداف حاصل نہ کر سکنے کی ناکامی کیلئے ایک مرتبہ پھر امریکہ نے پاکستان ہی کو موردِ الزام ٹھہرایا۔

اگر دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا مقصود ہے تو پاکستان کو انسدادِ دہشتگردی کی حکمت عملی کو وقتی ردعمل کے بجائے قومی سلامتی کی مستقل پالیسی کا حصہ بنانا ہوگا۔ جب بھی دہشتگرد پاکستان پر حملہ کریں' انکے خلاف فوری' مؤثر اور فیصلہ کن کارروائی ہونی چاہیے تاکہ انکے ٹھکانے' تربیتی مراکز اور معاون نیٹ ورک مکمل طور پر تباہ کیے جا سکیں۔ ریاست کی پہلی ذمہ داری اپنی خودمختاری' علاقائی سلیت اور اپنے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہے۔ افسوس! پاکستان نے کئی دہائیوں تک افغانستان کی سیاسی' سفارتی اور انسانی سطح پر بھرپور مدد کی مگر اسکے بدلے میں پاکستان کے خدشات کو خاطر خواہ اہمیت نہیں دی گئی۔ اگر یہ صورتحال برقرار رہی تو صرف مذہبی یا تاریخی رشتوں کی بنیاد پر تعلقات میں بہتری لانا مشکل ہوگا۔ پائیدار امن اسی وقت ممکن ہے جب پاکستان اور افغانستان کے تعلقات باہمی احترام' ایک دوسرے کی سلامتی کے تحفظ اور دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے اصولوں پر استوار ہوں۔

طاقتور آئینی منصب

کنور دلشاد

یوں لگتا ہے کہ پنجاب ایک بار پھر اپریل 1993ء والے موڑ پر آن کھڑا ہوا ہے' جب منظور وٹو نے بطور سپیکر پنجاب اسمبلی وزیر اعلیٰ پنجاب غلام حیدر وائیں کے خلاف تحریکِ عدم اعتماد پیش کی اور بعد ازاں پنجاب کے وزیر اعلیٰ منتخب ہوگئے۔ پنجاب کی سیاست میں اصل سوال یہ نہیں کہ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان اتنے بااثر کیوں دکھائی دے رہے ہیں بلکہ یہ ہے کہ آخر وہ کون سے سیاسی اور انتظامی عوامل تھے جنہوں نے ایک آئینی منصب کو صوبے کی سیاست کے اہم ترین مراکز میں شامل کر دیا۔ قدرت کا نظام یہی ہے کہ وہ خلا پیدا نہیں ہونے دیتی' جونہی اقتدار میں خلا پیدا ہونے لگتا ہے' قدرت اسے پُر کر دیتی ہے۔ اسی طرح سیاست میں طاقت بھی کبھی خلا برداشت نہیں کرتی۔ جب کسی نظام میں رابطے' رسائی اور اعتماد کا فقدان پیدا ہوتا ہے تو اسے کوئی نہ کوئی ادارہ یا شخصیت پُر کر دیتی ہے۔ پنجاب میں گزشتہ دو برس کے دوران ہونے والی پیشرفت بھی اسی حقیقت کی عکاسی کرتی ہے۔

حکومتی ارکان کی ایک بڑی تعداد نجی محفلوں بلکہ بعض اوقات کھلے عام یہ شکایت کرتی رہی ہے کہ وزیر اعلیٰ آفس تک ان کی رسائی محدود ہوتی جا رہی ہے۔ مسئلہ صرف وزیر اعلیٰ کی مصروفیات کا نہیں بلکہ ایک غیر رسمی نظام کا بھی ہے۔ اس نظام نے منتخب نمائندوں اور اقتدار کے اصل مرکز کے درمیان فاصلے بڑھا دیے ہیں۔ حلقوں کے مسائل' ترقیاتی سکیمیں' انتظامی معاملات' تبادلوں کی سفارشات اور سیاسی شکایات اکثر وہیں رک جاتی ہیں جہاں سے انہیں آگے بڑھنا چاہیے۔ وزیر اعلیٰ کی سرکاری مصروفیات اپنی جگہ نہایت اہم ہوتی ہیں۔ میرا ذاتی تجربہ یہ رہا ہے کہ جب میں نگران حکومت کا حصہ تھا تو جب بھی کوئی مشکل پیش آئی نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے منٹوں میں مسئلہ حل کر دیا۔ اسی طرح انکا ہر مکتبہ فکر کے لوگوں سے رابطہ رہتا تھا لیکن موجودہ صورتحال میں شنید یہ ہے کہ عوام تو کیا ارکانِ اسمبلی کو بھی نہ صرف وزیر اعلیٰ آفس بلکہ بعض وزرا تک بھی رسائی حاصل نہیں رہی۔ یوں حکومت کے اندر ایک واضح سیاسی خلا محسوس ہوتا ہے۔ یہی وہ خلا ہے جس کے باعث پنجاب اسمبلی کے سپیکر کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہوئی ہے۔ موجودہ حالات میں سپیکر صرف کارروائی چلانے والے آئینی عہدیدار نہیں رہے بلکہ ایک ایسے فورم کی حیثیت اختیار کر گئے ہیں جہاں ارکان کی بات سنی جا سکتی ہے اور اسمبلی کے قواعد وضوابط کے ذریعے ان کے تحفظات کو آواز مل سکتی ہے۔

جب شہباز شریف 1997ء کے انتخابات کے بعد پنجاب کے وزیر اعلیٰ منتخب ہوئے تو انہوں نے رانا ثناء اللہ کے ذریعے حکومت اور حکومتی ارکان کے درمیان مضبوط سیاسی رابطہ برقرار رکھا۔ اگر کسی رکن کی وزیر اعلیٰ تک براہِ راست رسائی ممکن نہ ہوتی تو اسے یقین ہوتا تھا کہ رانا ثناء اللہ اس کی بات مناسب فورم تک ضرور پہنچا دیں گے۔ اسی طرح چوہدری پرویز الٰہی کے دورِ حکومت میں راجہ بشارت نے یہی کردار ادا کیا۔ وہ حکومتی ارکان' اتحادی جماعتوں اور وزیر اعلیٰ کے درمیان ایک مؤثر پل ثابت ہوئے۔ موجودہ دور میں حکمرانی کا انداز مختلف دکھائی دیتا ہے۔ انتظامی فیصلوں کا غیر معمولی ارتکاز وزیر اعلیٰ آفس میں نظر آتا ہے جبکہ سیاسی رابطوں کا روایتی نظام نسبتاً کمزور محسوس ہوتا ہے۔ بیوروکریسی کا کردار پہلے سے زیادہ نمایاں ہے' لیکن پارلیمانی سیاست صرف انتظامی کارکردگی سے نہیں چلتی۔ منتخب نمائندے حکمرانوں تک رسائی اور حکومتی فیصلوں میں شمولیت بھی چاہتے ہیں۔

وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی روایت یہ تھی کہ وہ ہر چھ ماہ بعد مری میں واقع وزیراعظم ہاؤس میں تمام ارکانِ اسمبلی کو مدعو کرتے' ہر ایک کی بات سنتے اور اسی بنیاد پر فیصلے کرتے تھے۔ وہ اس مقصد کیلئے مسلسل تین دن وقف رکھتے تھے۔ اس دوران وزرا خوف زدہ رہتے تھے اور بیوروکریسی اس خدشے میں مبتلا رہتی تھی کہ کہیں ارکانِ اسمبلی ان کے خلاف شکایات یا ریمارکس پیش نہ کر دیں۔ یوں ایک ممکنہ احتساب کا ماحول قائم رہتا تھا اور وزیراعظم صبح سے شام تک ارکان کو براہِ راست رسائی فراہم کرتے تھے۔ اسی ماحول میں جب سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے اسمبلی کے قواعد' استحقاق اور نگرانی کے اختیارات کو مؤثر انداز میں استعمال کیا تو حکومتی اور اپوزیشن ارکان نے انہیں اپنے مسائل کے اظہار کے ایک مؤثر فورم کے طور پر دیکھنا شروع کر دیا۔ یہ کسی ایک شخصیت کی غیر معمولی کامیابی سے زیادہ اس سیاسی خلا کی نشاندہی کرتا ہے جو حکمرانی کے موجودہ انداز میں پیدا ہوا ہے۔ ماضی سے یہی سبق ملتا ہے کہ جب اقتدار کے مرکز اور منتخب نمائندوں کے درمیان فاصلے بڑھ جائیں تو کوئی نہ کوئی متبادل خود بخود ابھر آتا ہے۔ پنجاب کی موجودہ سیاست شاید اسی اصول کی ایک نئی مثال ہے۔

دوسری جانب اگر وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کی بات کی جائے تو یہ شہر 2021ء کے بعد سے بلدیاتی حکومت سے محروم ہے۔ وفاقی اور پنجاب حکومت مقامی حکومتوں کے انتخابات کرانے میں سنجیدہ دکھائی نہیں دیتیں۔ مجوزہ 28 ویں آئینی ترمیم کے حوالے سے عندیہ دیا گیا تھا کہ ایم کیو ایم پاکستان کے مطالبے پر آئین کے آرٹیکل 140-A میں اہم ترمیم کر کے مقامی حکومتوں کے اختیارات میں اضافہ کیا جائے گا' میئر کو خودمختار بنایا جائے گا' قومی وصوبائی اسمبلیوں کے ارکان کو دیے جانے والے 75 ارب روپے کے ترقیاتی فنڈز مقامی حکومتوں کو منتقل کیے جائیں گے اور میئر کے انتخابات براہِ راست کرا کے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی مداخلت ختم کی جائے گی۔ تاہم شنید ہے کہ یہ ترمیم فی الحال مؤخر کر دی گئی ہے۔ مقامی حکومتوں کی ایک خوبصورتی یہ ہے کہ عام آدمی کو بھی عوامی نمائندہ بننے کا موقع مل جاتا ہے' ورنہ ہمارے ملک میں سیاست اور حکومت صرف اشرافیہ تک محدود ہو گئی ہے۔ مقامی حکومتوں کے فوائد کا جائزہ لینا ہو تو امریکہ کے شہر نیویارک کے میئر ظہران ممدانی کی مثال سامنے ہے' جو محض ایک ہزار ڈالر خرچ کر کے امریکہ کے سب سے بڑے شہر کے میئر منتخب ہوئے۔ برطانیہ کے سابق وزیراعظم جان میجر کے والد لندن کے ایک سرکس میں مزاحیہ کردار ادا کرتے تھے۔ نوجوان جان میجر کی سیاست میں انٹری یونین کونسل کے کونسلر کے طور پر ہوئی' جب وہ بالکل بے روزگار تھے لیکن نظام نے انہیں وزیراعظم کے منصب تک پہنچا دیا۔ برطانیہ میں قانون یہ ہے کہ پارلیمانی انتخابات میں امیدوار اپنے ذرائع سے آٹھ سو پونڈ سے زیادہ خرچ کرنے کا مجاز نہیں' اور اگر وہ مقررہ حد سے تجاوز کرے تو سزا کا مستحق ہوتا ہے۔ دوسری جانب پاکستان میں الیکشن ایکٹ کی دفعہ 132 کے تحت انتخابی اخراجات پر پابندی ہونے کے باوجود امیدوار کروڑوں روپے خرچ کر کے اسمبلی کا رکن منتخب ہوتا ہے اور پھر اپنے اخراجات پورے کرنے کیلئے کرپشن کرتا ہے۔

یہ بھی سننے میں آیا ہے کہ وفاق اور پنجاب کی گزشتہ مالی سال کی آڈٹ رپورٹس میں سامنے آنیوالی مالی بے ضابطگیوں کا نوٹس لینے کی تیاری ہو رہی ہے۔ ان رپورٹس کے مطابق پنجاب حکومت میں دس کھرب روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیوں اور آڈٹ اعتراضات کی نشاندہی ہوئی' جن میں غیر مجاز ادائیگیوں کے متعدد کیسز' قواعد کے خلاف خریداری' ٹھیکوں میں بے قاعدگیاں' سرکاری رقوم کے غلط استعمال اور غیر شفاف اخراجات کے معاملات شامل ہیں۔ دوسری جانب وفاقی حکومت کی 23 وزارتوں اور ڈویژنوں میں بھی مالی بے ضابطگیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے 187 ارب روپے کے اضافی اخراجات سامنے آئے ہیں۔ اس کے علاوہ 19 کھرب روپے کے بیرونی قرضوں اور 75 ارب روپے کی ترقیاتی سکیموں میں قواعد کے خلاف ورزیوں کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔ ان اہم آڈٹ رپورٹس کے منظرِ عام پر آنے کے بعد حکومت کے شفافیت کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے ہیں۔

شوبز SHOWBIZ

4 دن کی تیاری سے سی ایس ایس امتحان پاس کیا

میں نے 8 پرچے دیے، امتحان کامیابی سے پاس بھی کیا، اینا خان

کراچی (این این آئی) اداکارہ، ہدایت کارہ اور سماجی کارکن اینا خان کی جانب سے کیے گئے صرف 4 دن کی تیاری سے سی ایس ایس کا امتحان پاس کرنے کے دعوے نے سوشل میڈیا پر نئی بحث چھیڑ دی۔ اینا خان، جو ماضی میں ڈراموں میں اداکاری کے بعد اشتہارات کی ہدایت کاری کی جانب منتقل ہوئیں اور حال ہی میں ایک ڈرامے کے ذریعے دوبارہ اداکاری کرتی نظر آئیں، انہوں نے نجی ٹی وی کے ایک پروگرام میں اپنی زندگی سے متعلق ایک دلچسپ انکشاف کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے نوجوانی میں سی ایس ایس کا امتحان دیا تھا، میں اس دوران مختلف ڈراموں کی شوٹنگ میں مصروف تھی، اس لیے تیاری کے لیے صرف 4 دن ملے۔ اینا خان کا کہنا ہے کہ میں نے 8 پرچے دیے، امتحان کامیابی سے پاس بھی کیا، تاہم بعد ازاں سرکاری ملازمت اختیار نہیں کی۔

اداکارہ ماہ نور بلوچ کی نئی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل

لگتا ہے اداکارہ نے کسی قسم کی سرجری کروائی ہوئی ہے، سوشل میڈیا صارفین

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ ماہ نور بلوچ کی نئی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ وائرل تصاویر میں اداکارہ سیاہ رنگ کے شلوار قمیض میں ملبوس ہیں، جبکہ انہوں نے اپنے بال بھی باب کٹ انداز میں رکھے ہوئے ہیں۔ تصاویر سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا صارفین نے ان کے نئے لک پر مختلف تبصرے کیے ہیں۔ ایک صارف نے لکھا ہے کہ لگتا ہے انہوں نے کسی قسم کی سرجری کروائی ہے، جبکہ ایک اور نے تبصرہ کیا کہ ان کی شکل پہلے سے مختلف لگ رہی ہے، ایک صارف نے لکھا ہے کہ ان کا چہرہ کافی پھولا ہوا محسوس ہو رہا ہے۔

حسن جہانگیر نے ریکھا کے مبینہ محبت نامے پر خاموشی توڑ دی

محبت کسی بھی عمر میں ہوسکتی ہے، لیکن کچھ باتیں راز ہی رہنے دینی چاہئیں

کراچی (این این آئی) پاکستان کے معروف گلوکار حسن جہانگیر نے بھارتی اداکارہ ریکھا کی جانب سے مبینہ محبت نامہ ملنے سے متعلق سوال پر دلچسپ ردِعمل دیا ہے۔ ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کے دوران جب ان سے پوچھا گیا کہ کیا ریکھا نے ان کے مقبول گانے ہوا ہوا کی کامیابی کے بعد انہیں محبت نامہ لکھا تھا، تو حسن جہانگیر نے مسکراتے ہوئے کہا کہ محبت کسی بھی عمر میں ہوسکتی ہے، لیکن کچھ باتیں راز ہی رہنے دینی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے بھارت میں بے حد محبت ملی اور وہاں کبھی کسی مشکل کا سامنا نہیں کرنا پڑا، مادھوری، گووندا، شاہ رخ خان، سلمان خان اور متھون اچھے دوست ہیں اور ان سے آج بھی رابطہ رہتا ہے۔ حسن جہانگیر نے اپنی زندگی کے ایک بڑے افسوس کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ مجھے بھارت میں بطور ہیرو کئی فلموں کی پیشکش ہوئی تھی۔

ارشد وارثی نے شاہ رخ کی فلم کنگ سائن کرنے کی اصل وجہ بتا دی

شاہ رخ خان اور ان کے خاندان کو کبھی کسی کام کیلئے انکار نہیں کر سکتا

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکار ارشد وارثی نے اپنی آنے والی کامیڈی فلم دھمال 4 کی پروموشن کے دوران شاہ رخ خان کی فلم کنگ سائن کرنے کی اصل وجہ بتا دی۔ بالی ووڈ اداکار ارشد وارثی نے فلم کنگ میں شاہ رخ خان کی جانب سے کاسٹ کیے جانے پر کہا کہ شاہ رخ خان اور ان کے خاندان کو کبھی کسی کام کیلئے انکار نہیں کر سکتا۔ اسی طرح ایک انٹرویو کے دوران ارشد وارثی کا کہنا تھا کہ ایک بار شاہ رخ خان کے بیٹے آریان خان نے مجھے نیٹ فلکس کی ایک ویب سیریز کیلئے فون کیا، تو میں نے کہانی سنے بغیر حامی بھر لی۔ ارشد وارثی کا کہنا تھا کہ آریان مجھے کہانی سنانا چاہ رہا تھا لیکن میں نے کہا کہ مجھے کچھ نہیں سننا، تمہیں مجھ سے 2 دن جو بھی کام کروانا ہے کروالو۔ اداکار نے اپنے اس عمل کی وجہ بتاتے ہوئے آریان خان سے کہا کہ میں یہ صرف اس لیے کر رہا ہوں۔

اداکارہ ذہین طاہرہ کی ساتویں برسی 9 جولائی کو منائی جائے گی

کراچی (این این آئی) پاکستان ٹیلی ویژن کی معروف اداکارہ ذہین طاہرہ کی ساتویں برسی 9 جولائی کو منائی جائے گی۔ انہوں نے فلم کے لیے بھی کام کیا اور اداکاری کے علاوہ پروڈیوسر اور ہدایتکارہ کے طور پر بھی خدمات سرانجام دیں۔ ذہین طاہرہ نے ریڈیو پاکستان اور اسٹیج کے لیے بھی کام کیا۔ ذہین طاہرہ 1930ء میں بھارتی شہر لکھنؤ میں پیدا ہوئیں اور 45 برس ٹیلی ویژن سے منسلک رہیں جبکہ 700 سے زائد ڈراموں میں اداکاری کے جوہر بھی دکھائے۔ ذہین طاہرہ پاکستان ٹیلی ویژن کی تاریخ میں انتہائی منجھی ہوئی اور اولین اداکارہ تسلیم کی جاتی ہیں۔

پرنس نرولا اور یوویکا چوہدری کے درمیان علیحدگی کی افواہیں

ممبئی (این این آئی) بھارت کا ایک اور مشہور اداکار جوڑا پرنس نرولا اور یوویکا چوہدری ایک بار پھر سرخیوں میں ہیں جہاں سوشل میڈیا پر ان کی شادی شدہ زندگی اور تعلقات کے حوالے سے نئی قیاس آرائیاں اور افواہیں گردش کر رہی ہیں، جس کی وجہ دونوں کے درمیان انسٹاگرام پر ایک حیران کن تبدیلی ہے۔ بھارتی میڈیا نے رپورٹ کیا کہ مقبول ٹیلی ویژن جوڑے پرنس نرولا اور یوویکا چوہدری نے انسٹاگرام پر ایک دوسرے کو ان فالو کر دیا ہے، جس کے بعد ان کی شادی کی صورت حال کے بارے میں نئی قیاس آرائیاں شروع ہوگئی ہیں۔

عاطف اسلم کی کیفے میں نماز ادا کرتے ویڈیو وائرل

سوشل میڈیا صارفین کی گلوکار کی مذہبی وابستگی اور نماز کو ترجیح دینے کی تعریف

کراچی (این این آئی) گلوکار عاطف اسلم کی کیفے میں نماز ادا کرتے ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ وائرل ویڈیو کے مطابق عاطف اسلم اپنے دوستوں کے ساتھ ایک کیفے میں موجود تھے، جہاں انہوں نے کھانے کے دوران وقفہ لے کر کیفے کے ایک کونے میں نماز ادا کی۔ کیفے میں موجود بعض افراد نے اس لمحے کی ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر شیئر کر دی، جو دیکھتے ہی دیکھتے وائرل ہوگئی۔ ویڈیو سامنے آنے کے بعد مداحوں نے عاطف اسلم کے اس عمل کو سراہتے ہوئے ان کی مذہبی وابستگی اور نماز کو ترجیح دینے کی تعریف کی ہے۔

کبھی ذاتی زندگی یا تعلقات سوشل میڈیا پر شیئر نہیں کرونگا

نکاح اللہ تعالیٰ کے حضور قائم ہونے والا مقدس رشتہ ہے، آغا علی



کراچی (این این آئی) اداکار آغا علی نے کہا ہے کہ کبھی ذاتی زندگی یا تعلقات سوشل میڈیا پر شیئر نہیں کروں گا۔ نجی ٹی وی شو میں گفتگو کرتے ہوئے آغا علی نے کہا کہ میں ذاتی تعلقات کو عوامی کرنے کے خلاف ہوں کیونکہ ایسے تعلق میں صرف آپ نہیں بلکہ ایک اور شخص بھی شامل ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری رائے میں شادی سے پہلے اس نوعیت کی باتیں عوام کے ساتھ شیئر نہیں کرنی چاہئیں، البتہ جب نکاح ہو جائے تو اس کا باقاعدہ اعلان کرنا چاہیے، کیونکہ نکاح اللہ تعالیٰ کے حضور قائم ہونے والا ایک مقدس رشتہ ہے، میں اپنی شادی کا اعلان فخر کے ساتھ کروں گا۔

سپورٹس SPORTS

وسیم اکرم کی موت کی افواہیں بے بنیاد، شنیرا اکرم کی تردید

ویڈیو میں سابق کپتان مختلف ورزشیں کرتے دکھائی دے رہے ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستانی کرکٹ لیجنڈ وسیم اکرم کی اہلیہ شنیرا اکرم نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ان جعلی خبروں اور مصنوعی ذہانت (AI) سے تیار کردہ ویڈیوز کی سختی سے تردید کر دی ہے جن میں دعویٰ کیا جا رہا تھا کہ وسیم اکرم دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق یہ افواہیں جعلی ویڈیوز اور سوشل میڈیا پوسٹس کے ذریعے پھیلائی گئیں، جس کے بعد مداحوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ افواہوں کا جواب دیتے ہوئے شنیرا اکرم نے سوشل میڈیا پر ایک نئی ویڈیو شیئر کی جس میں وسیم اکرم جم میں ورزش کرتے ہوئے نظر آ رہے ہیں۔ ویڈیو میں سابق کپتان مختلف ورزشیں کرتے دکھائی دے رہے ہیں

نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں جدید ''ٹرومین 3'' بولنگ مشین نصب

جدید بولنگ مشین کھلاڑیوں کو میچ جیسی پریکٹس فراہم کرے گی، عاقب جاوید

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں جدید ''ٹرو مین 3'' بولنگ مشین نصب کر دی۔ اس حوالے سے ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید نے بتایا کہ جدید بولنگ مشین کھلاڑیوں کو میچ جیسی پریکٹس فراہم کرے گی۔ بولنگ مشین کے ذریعے بیٹرز جدید انداز میں اپنی تیاری کر سکیں گے۔ جدید مشین کے فرنٹ سکرین پر بولر کی ہائی کنٹراسٹ ایل ای ڈی اینیمیشن دکھائی دیتی ہے۔ بیٹرز کو بولر کے ایکشن، ریلیز پوائنٹ اور ٹائمنگ کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔ مشین میں لائن، لینتھ، سپیڈ، سوئنگ اور ہائٹ کو ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے۔ کوچز اور کھلاڑی انفرادی گیندیں، اوورز اور سپیلز بھی محفوظ کر سکتے ہیں۔ محفوظ کیے گئے اوورز اور سپیلز کو میچ جیسی صورتحال بنانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ٹرو مین 3 جدید ترین ٹیکنالوجی ہے، پاکستان کرکٹ بورڈ یہ مشین استعمال کرنے والا پہلا کرکٹ بورڈ ہے، روایتی بولنگ مشینز میں بیٹرز کے لیے ریلیز پوائنٹ کو سمجھنا مشکل ہوتا ہے۔

لیونل میسی نے فٹبال ایک اور سنگِ میل عبور کرلیا

میسی ورلڈ کپ کے اب تک کے سب سے زیادہ اسکورر ہیں

نیویارک (این این آئی) ارجنٹینا کے کپتان لیونل میسی نے فٹبال ورلڈ کپ کی تاریخ میں گول کا ایک اور سنگِ میل عبور کر لیا ہے۔ فیفا ورلڈ کپ میں گزشتہ روز کھیلے گئے میچ میں ارجنٹینا نے کیپ وردے کو 2-3 سے شکست دے کر پری کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ کپتان نے ایک بار گیند کو جال میں پہنچایا جبکہ اضافی وقت میں میسی کے کارنر پر تیسرا گول اسکور ہوا جو ان کی کامیابی کا سبب بنا۔ یہ فیفا ورلڈ کپ 2026 میں ان کا ساتواں گول تھا، انہوں نے قطر میں ہونے والے ٹورنامنٹ کے 2022 ایڈیشن میں بھی سات گول کیے تھے۔ میسی ورلڈ کپ کے اب تک کے سب سے زیادہ اسکورر ہیں اور کیپ وردے کے خلاف میچ کے بعد ٹورنامنٹ میں 30 میچ کھیلنے والے پہلے کھلاڑی بن گئے۔ میسی نے ورلڈ کپ 2026 میں کئی ریکارڈ اپنے نام کر لیے ہیں۔ ارجنٹینا کے کپتان ایلیٹ ٹورنامنٹ میں لگاتار سات میچوں میں گول کرنے والے پہلے کھلاڑی بن کر فٹبال کی تاریخ رقم کر گئے،

پانچ بار کی عالمی چیمپئن برازیل ایونٹ سے باہر ہوگئی

ناروے نے 5 بار کی عالمی چیمپئن برازیل کو شکست دے کر ایونٹ سے باہر کیا

نیویارک (این این آئی) فیفا فٹبال ورلڈ کپ 2026 کے پری کوارٹر فائنل میچ میں ناروے نے 5 بار کی عالمی چیمپئن برازیل کو شکست دے کر ایونٹ سے باہر کر دیا اور کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی۔ تفصیلات کے مطابق برازیل اور ناروے کے درمیان کھیلے گئے میچ کا آغاز سنسنی خیز رہا، کھیل کے چوتھے منٹ میں ناروے کے پیٹرک برگز نے گیند برازیل کے جال میں پہنچادی تاہم آف سائیڈ کے سبب اُن کے گول کو مسترد کر دیا گیا، کچھ ہی دیر بعد برازیل کو فاؤل پر پنالٹی مل گئی مگر برونو گومیریس ناروے کے گول کیپر کو چکمہ نہ دے سکے۔ پہلے ہاف میں دونوں جانب سے ایک دوسرے کے گول پر کئی حملے ہوئے مگر کوئی بھی سبقت حاصل نہ کر سکا، اس ہاف میں ناروین ٹیم نسبتاً بہتر کھیلتی رہی۔ وقفے پر مقابلہ بغیر کسی گول کے برابر تھا، دوسرے ہاف میں کھیل بڑھتا رہا 79 ویں منٹ میں ناروے کے ایرلنگ ہالینڈ کو ساتھی کھلاڑی کے کراس پر گیند برازیل کے جال میں پہنچانے کا موقع مل گیا۔

سٹوڈنٹس اولمپک نیشنل کوچنگ کورس 22 جولائی سے مری میں شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام نیشنل کوچنگ کورسز 22 جولائی سے باڑہ گلی، یونیورسٹی آف پشاور کیمپس، مری میں شروع ہوگا۔ پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ کورس کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور چار کھیلوں کے کورسز منعقد ہونگے جن میں تھرو بال، روپ سکپنگ، پیکل بال اور کیچ بال کے کھیلوں کے علاوہ انٹی ڈوپنگ اور فزیکل فٹنس شامل ہیں اور کورسز کے دوران کورسز کے شرکا کو کوالیفائیڈ کوچز اور ٹیکنیکل آفیشلز لیکچرز دیں گے۔ کورسز میں ملک بھر سے مرد اور خواتین تعلیمی اداروں کے سپورٹس ٹیچرز، کوچز اور کھلاڑی اپنے، اپنے ناموں کی 20 جولائی تک رجسٹریشن کرواسکتے ہیں۔ یہ کورس 25 جولائی تک جاری رہے گا۔

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar — عوام کی بے ساختہ للکار
اندراج تاریخ پیدائش — اندراج تاریخ وفات — اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام — درستگی نام — اعلان لاتعلقی
عاق نامہ — اطلاع گمشدگی
تحصیلدار وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

نواز ہسپتال کہوٹہ منتقل کیا، تاہم ڈاکٹرز نے معائنے کے بعد انہیں مردہ قرار دے دیا۔ حادثے کی خبر سنتے ہی لواحقین اور اہلِ علاقہ کی بڑی تعداد ہسپتال پہنچ گئی، جہاں کہرام مچ گیا اور ہر آنکھ اشکبار تھی۔ اس افسوسناک واقعے پر پورے علاقے میں سوگ کی فضا چھا گئی، جبکہ مختلف سماجی و مذہبی شخصیات نے مرحومین کے اہلِ خانہ سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے مرحومین کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی۔ شہری حلقوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ خطرناک آبی مقامات پر حفاظتی اقدامات کیے جائیں، جبکہ عوام سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ گہرے پانی اور غیر محفوظ مقامات پر نہانے سے گریز کریں تاکہ مستقبل میں ایسے المناک حادثات سے بچا جا سکے۔

بقیہ 2

کو ہسپتال منتقل کرنے کے لیے روانہ کیا گیا۔ تاہم راستے میں ہی خاتون کی حالت تشویشناک ہو گئی اور نومولود کی پیدائش کا مرحلہ آ پہنچا۔ ریسکیو 1122 کے تربیت یافتہ عملے نے غیر معمولی مہارت اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایمبولینس کے اندر ہی محفوظ انداز میں ڈلیوری کروائی، جس کے نتیجے میں خاتون نے ایک صحت مند بچے کو جنم دیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے ماں اور نومولود کو فوری طبی امداد فراہم کرنے کے بعد مزید علاج اور معائنے کے لیے بینظیر بھٹو ہسپتال، راولپنڈی منتقل کر دیا، جہاں دونوں کی حالت خطرے سے باہر اور تسلی بخش بتائی گئی۔ شہری حلقوں نے ریسکیو 1122 کے بروقت رسپانس، پیشہ ورانہ صلاحیت اور انسانی خدمت کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے واقعات ادارے کی عوامی خدمت اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کی بہترین صلاحیت کا عملی ثبوت ہیں۔

بقیہ 3

جنگ لڑی، فیصلہ اپنے حق میں حاصل کیا، لیکن اپنی جان نہ بچا سکی۔ اس افسوسناک واقعے نے کئی اہم سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ اگر شہری بار بار جان کے خطرے سے متعلق درخواستیں دیں تو کیا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری صرف درخواست وصول کرنا ہے یا مؤثر تحفظ فراہم کرنا بھی؟ اگر خطرات سے پہلے ہی آگاہ کیا گیا تھا تو حفاظتی حکمتِ عملی کیوں اختیار نہ کی گئی؟ ان تمام پہلوؤں کی شفاف تحقیقات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ متاثرہ خاندان، اہلِ علاقہ اور سماجی حلقوں نے حکومت پنجاب، آئی جی پنجاب، آر پی او فیصل آباد اور سی پی او فیصل آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ قتل کے مقدمے کو فوری طور پر منطقی انجام تک پہنچایا جائے، ملزمان کو قانون کے مطابق سخت سزا دلائی جائے، اور ساتھ ہی اس بات کی بھی غیر جانبدارانہ انکوائری کی جائے کہ پیشگی درخواستوں کے باوجود اگر کسی سطح پر غفلت یا لاپرواہی ہوئی تو اس کے ذمہ دار افسران کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، تاکہ مستقبل میں کوئی اور خاندان انصاف مانگتے مانگتے اپنے پیاروں کی لاش اٹھانے پر مجبور نہ ہو۔

بقیہ 4

بجلی کی آن آف اور برقی آلات کے نقصان کے خدشات کا بھی سامنا تھا۔ اطلاعات کے مطابق سیپکو حکام نے تکنیکی اقدامات کے تحت سٹی فور فیڈر سے متعدد ٹرانسفارمرز کا لوڈ سٹی ٹو فیڈر پر منتقل کیا، جبکہ سٹی ٹو فیڈر کے بعض ٹرانسفارمرز کو ڈھکن فیڈر پر شفٹ کر دیا گیا تاکہ تینوں فیڈرز پر لوڈ کا توازن برقرار رکھا جا سکے اور سٹی فور فیڈر پر اضافی بوجھ کم ہو۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ اگرچہ لوڈ کی منتقلی سے وقتی طور پر فیڈر پر دباؤ کم ہونے کی امید ہے، تاہم اصل مسئلہ غیر قانونی کنڈا کنکشنز اور بجلی چوری ہے، جس کے خلاف مؤثر کارروائی نہ ہونے کے باعث فیڈرز مسلسل اوور لوڈ رہتے ہیں عوامی حلقوں نے مؤقف اختیار کیا کہ سیپکو انتظامیہ کو صرف ایک فیڈر سے دوسرے فیڈر پر لوڈ منتقل کرنے کے بجائے بجلی چوری کے خلاف سخت مہم چلانی چاہیے، غیر قانونی کنڈا کنکشن فوری طور پر ختم کیے جائیں، خراب سسٹم نظام کو بہتر بنایا جائے اور فیڈرز کی استعداد میں اضافہ کیا جائے تاکہ شہریوں کو مستقل بنیادوں پر بلا تعطل اور محفوظ بجلی فراہم کی جا سکے۔ شہریوں نے اعلیٰ سیپکو حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کندھ کوٹ شہر میں بجلی کے دیرینہ مسائل کے مستقل حل کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، غیر قانونی بجلی استعمال کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے اور صارفین کو بار بار کی ٹرپنگ، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور طویل بندش سے نجات دلائی جائے۔

بقیہ 5

جاری کرتے ہوئے کہا کہ سیاحوں اور مقامی آبادی کی سہولت کے لیے منصوبے کو مقررہ وقت پر پورا کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن "ستھرا پنجاب" کے تحت ڈپٹی کمشنر نے مری کے مختلف مقامات پر صفائی ستھرائی کی صورتحال کا خاص طور پر جائزہ لیا۔ انہوں نے صفائی کے عملے (سینیٹری ورکرز) سے براہِ راست گفتگو کی، ان کے مسائل سنے اور مری کو صاف ستھرا رکھنے پر ان کی گرانقدر خدمات کو سراہتے ہوئے ان کی بھرپور حوصلہ افزائی کی۔ ان کا کہنا تھا کہ صفائی کا عملہ ہمارا ہیرو ہے اور شہر کی خوبصورتی ان کی محنت سے ہی برقرار ہے۔ بعد ازاں انہوں نے سالی ہسپتال کا دورہ کیا جہاں انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی فراہمی اور عملے کی حاضری کا چیک کیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مری اور گردونواح سے آنے والے مریضوں کو بہترین طبی امداد فراہم کی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول سالی کا بھی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کلاس رومز، اساتذہ کی حاضری اور طالبات کے لیے موجود تعلیمی ماحول کا جائزہ لیا۔ ان کا کہنا تھا کہ فروغِ تعلیم اور بچیوں کے لیے سکولوں میں بہترین ماحول کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ دورے کے آخری مرحلے میں آغا ظہیر عباس شیرازی نے مریم نواز بنیادی ہیلتھ یونٹ (BHU) تریٹ کا معائنہ کیا۔ انہوں نے بی ایچ یو میں طبی آلات، عملے کی موجودگی اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لیا اور موقع پر موجود عملے کو الرٹ رہ کر فرائض سرانجام دینے کی تاکید کی۔ ان کا کہنا تھا کہ بنیادی مراکزِ صحت کو فعال بنا کر ہم دیہی عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔

بقیہ 6

داخل ہونے کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ آئندہ 12 گھنٹوں کے دوران مغربی ہواؤں کا ایک سلسلہ بھی ملک کے بالائی علاقوں پر اثر انداز ہوگا جس کے باعث مختلف علاقوں میں بارشوں کا نیا سلسلہ شروع ہونے کی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کشمیر اور خیبر پختونخوا میں 6 جولائی کی رات سے 8 جولائی تک مختلف مقامات پر تیز ہواؤں، آندھی اور گرج چمک کے ساتھ وقفے وقفے سے بارش کا امکان ہے جبکہ بعض علاقوں میں موسلا دھار بارش بھی ہو سکتی ہے۔ اسی طرح 7 اور 8 جولائی کے دوران وزیرستان، بنوں اور ڈیرہ اسماعیل خان میں بھی چند مقامات پر تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی توقع ظاہر کی گئی ہے۔ پیش گوئی کے مطابق اسلام آباد، راولپنڈی، مری، گلیات، اٹک، چکوال، جہلم سمیت پنجاب کے مختلف اضلاع میں بھی 6 جولائی کی شام اور رات سے 8 جولائی تک وقفے وقفے سے تیز ہواؤں، آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے جبکہ چند مقامات پر موسلا دھار بارش بھی متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ موسلا دھار بارش، تیز آندھی اور آسمانی بجلی گرنے کے باعث کمزور تعمیرات، سولر پینلز، بجلی کے کھمبوں اور بل بورڈز کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ مزید برآں 7 اور 8 جولائی کے دوران بالائی خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور کشمیر کے پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ بھی موجود ہے، جبکہ کشمیر، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان کے مقامی ندی نالوں اور ڈیرہ غازی خان کے پہاڑی برساتی نالوں میں پانی کے بہاؤ میں اضافے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے سیاحوں اور مسافروں کو غیر ضروری سفر سے گریز اور دوران سفر انتہائی احتیاط برتنے کی ہدایت کی ہے، جبکہ کسانوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ موسمی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے فصلوں اور مویشیوں کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کریں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بارشوں کے اس سلسلے کے باعث ملک کے مختلف علاقوں میں جاری شدید گرمی کی شدت میں بتدریج کمی آنے کا بھی امکان ہے۔ ادارے نے تمام متعلقہ محکموں کو الرٹ رہنے اور کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی انتظامات مکمل رکھنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 7

کی طویل قطاریں لگ گئیں۔ احتجاج کے باعث مسافر کوچز، مال بردار ٹرک، نجی گاڑیاں اور دیگر ٹرانسپورٹ کئی گھنٹوں تک شاہراہ پر پھنسی رہیں۔ خواتین، بچوں، بزرگوں اور مریضوں سمیت سیکڑوں مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ گرمی اور طویل انتظار کے باعث لوگوں میں بے چینی پھیل گئی۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ مراد شاخ میں عرصہ دراز سے پانی کی شدید قلت برقرار ہے، جس کی وجہ سے ہزاروں ایکڑ پر کھڑی فصلیں سوکھ رہی ہیں اور زرعی زمینیں بنجر ہونے کے خطرے سے دوچار ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ چاول، کپاس، گنا، سبزیاں اور دیگر موسمی فصلیں پانی نہ ملنے کے باعث شدید متاثر ہو رہی ہیں، جس سے کسانوں کو لاکھوں روپے کے مالی نقصان کا سامنا ہے۔ آبادگاروں نے الزام عائد کیا کہ متعلقہ آبپاشی حکام کو متعدد بار شکایات اور درخواستیں دینے کے باوجود پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی نہیں بنایا جا سکا، جس کے باعث کاشتکار شدید پریشانی اور بے یقینی کی کیفیت میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زرعی معیشت کا انحصار پانی کی بروقت فراہمی پر ہے، لیکن مسلسل غفلت کے باعث کسان معاشی تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں۔ احتجاجی دھرنے میں شریک کسان رہنماؤں نے کہا کہ اگر مراد شاخ میں فوری طور پر پانی کی فراہمی بحال نہ کی گئی تو احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا اور مختلف اضلاع کے آبادگار بھی احتجاجی تحریک میں شامل ہوں گے، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ دھرنے کے باعث انڈس ہائی وے پر کئی گھنٹوں تک ٹریفک کی روانی شدید متاثر رہی، جبکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ضلعی انتظامیہ کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے۔ ذرائع کے مطابق انتظامیہ نے مظاہرین سے مذاکرات کے ذریعے شاہراہ کھلوانے اور مسئلے کے حل کے لیے یقین دہانی کرانے کی کوششیں کیں، تاہم احتجاج کرنے والے آبادگار اپنے مطالبات کے حق میں ڈٹے رہے۔ علاقہ مکینوں اور کاشتکار تنظیموں نے حکومت سندھ اور محکمہ آبپاشی کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مراد شاخ میں پانی کی منصفانہ اور بلا تعطل فراہمی کو فوری طور پر یقینی بنایا جائے تاکہ زرعی شعبے کو مزید نقصان سے بچایا جا سکے اور کسانوں کو درپیش مشکلات کا مستقل حل نکالا جا سکے۔ اگر آپ چاہیں تو اسی خبر کو روزنامہ جنگ، نوائے وقت، ایکسپریس یا عوامی للکار کے اسلوب میں بھی تیار کر سکتا ہوں۔

بقیہ 8

جو بھاری ٹھیکہ دیا گیا تھا، وہ زمینی حقائق کے بجائے صرف مبینہ کاغذی کارروائیوں اور فوٹو سیشن تک محدود نکلا ہے۔ سوشل میڈیا پر شہریوں کی جانب سے جاری کردہ نالے کی تازہ ترین ہولناک تصاویر نے صفائی کے تمام سرکاری دعوؤں کا پول کھول کر رکھ دیا ہے۔ گزشتہ دنوں ہونے والی بارش نے بلدیہ کے بلند و بانگ دعوؤں کا جنازہ نکال دیا تھا، جب سٹی نالوں کی صفائی کے لیے مختص 60 لاکھ روپے کے فنڈز کے باوجود سروس روڈز، تجارتی مراکز اور گلی محلوں کے نالے ابل پڑے تھے جس سے بازار گلیاں محلے ندی کے مناظر پیش کر رہے تھے۔ وائرل تصاویر سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ مین نالا کچرے اور گاد سے اٹا پڑا ہے، جو بلدیہ حکام اور ٹھیکیدار کی مبینہ ملی بھگت اور عوامی ٹیکس کے پیسوں پر ڈاکے کی واضح تصویر ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مون سون کی ہولناک بارشوں میں یہ نالا پورے شہر کو ڈبو سکتا ہے اور کسی بڑے حادثے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری بلدیہ انتظامیہ پر عائد ہوگی۔ شہریوں اور تاجر برادری نے اس شدید ترین سنگین صورتحال پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور اینٹی کرپشن حکام سے فوری ہائی پروفائل انکوائری کا مطالبہ کیا ہے۔ عوام کا دوٹوک مؤقف ہے کہ بلدیہ گوجر خان کے تمام جاری فنڈز اور ٹھیکوں کا فوری فارنزک آڈٹ کروایا جائے، سرکاری خزانے کو مبینہ طور پر کھوکھاتے میں ڈالنے والے لٹیروں کا کڑا احتساب کیا جائے اور عوام کے پیسے کا ضیاع کسی صورت برداشت نہ کیا جائے۔

بقیہ 9

تک جاری رہنے والا یہ باوقار سمر کالج 1976 میں نوبیل انعام یافتہ عظیم پاکستانی سائنسدان پروفیسر عبدالسلام کے وژن کے مطابق قائم کیا گیا تھا، جس کا مقصد ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کے سائنسدانوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کر کے علم، تحقیق اور تجربات کے تبادلے کو فروغ دینا تھا۔ گزشتہ پانچ دہائیوں کے دوران یہ ادارہ اعلیٰ تعلیم، سائنسی تحقیق، علمی تبادلے اور صلاحیتوں میں اضافے کے حوالے سے عالمی سطح پر ایک معتبر مرکز کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پاکستان اٹامک انرجی کمیشن ڈاکٹر راجہ علی رضا انور نے کہا کہ بین الاقوامی نتھیا گلی سمر کالج پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے نمایاں ترین سائنسی منصوبوں میں شامل ہے، جو تحقیق، ادارہ جاتی ترقی اور بین الاقوامی سائنسی تعاون کے فروغ کے لیے کمیشن کے مستقل عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ پچاس برسوں کے دوران اس سمر کالج میں دنیا کے نامور سائنسدانوں جن میں نوبیل انعام یافتہ سائنسدان بھی شامل تھے انہوں نے شرکت کی جبکہ پاکستان سمیت پچھتر سے زائد ممالک کے ہزاروں نوجوان محققین اس سے مستفید ہوئے۔ اس ادارے نے بلند توانائی کی طبیعیات، یورپی مرکز برائے جوہری تحقیق کے ساتھ تحقیقی تعاون، جوہری اور ذرّاتی تیز کار سائنس، شعاعی ٹیکنالوجی، پلازما طبیعیات اور جدید مادّی علوم کے میدان میں پاکستان کی تحقیقی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ ڈاکٹر راجہ علی رضا انور نے کہا کہ سمر کالج نے عالمی سائنسی ترقی کے ساتھ ہم آہنگ رہتے ہوئے مصنوعی ذہانت، کوانٹم ٹیکنالوجی، جدید پیداواری طریقوں، اور اعداد و شمار پر مبنی سائنس جیسے نئے شعبوں کو بھی اپنے نصاب کا حصہ بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال کا پروگرام بنیادی سائنس، جدید ٹیکنالوجی اور عملی تحقیق کے درمیان مضبوط ربط قائم کرتا ہے، جس کے ذریعے شرکاء توانائی، صحت، زراعت اور پائیدار ترقی کے شعبوں میں قابلِ عمل حل تلاش کرنے کی صلاحیت حاصل کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ 51 ویں بین الاقوامی نتھیا گلی سمر کالج پانچ اہم بین الشعبہ جاتی موضوعات پر مشتمل ہے، جن میں مصنوعی ذہانت اور مشین سے سیکھنے کی صلاحیت، جدید پیداواری طریقے، زراعت اور حیاتیاتی ٹیکنالوجی میں جوہری تکنیک، صحت اور ماحولیات میں جوہری تکنیک، اور پلازما سائنس و فیوژن ٹیکنالوجی میں جدید پیش رفت شامل ہیں۔ انہوں نے دوران خطاب کہا کہ یہ موضوعات پاکستان میں مصنوعی ذہانت، چوتھے صنعتی انقلاب، جدید پیداواری نظام، موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ زراعت، حیاتیاتی ٹیکنالوجی، صحت میں جدت، ماحول کے تحفظ اور مستقبل کی توانائی کے ذرائع کے فروغ میں اہم کردار ادا کریں گے۔ چیئرمین پاکستان اٹامک انرجی کمیشن نے کہا کہ دنیا تیزی سے تکنیکی تبدیلیوں کے دور سے گزر رہی ہے، جہاں مصنوعی ذہانت، کوانٹم ٹیکنالوجی اور سیمی کنڈکٹر کے شعبے میں ہونے والی پیش رفت توانائی، صحت، مواصلات اور صنعت کے مستقبل کو نئی سمت دے رہی ہے۔ انہوں نے انسانی وسائل کی ترقی اور تحقیقی ڈھانچے میں مسلسل سرمایہ کاری کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ نتھیا گلی سمر کالج جیسے پلیٹ فارم نوجوان سائنسدانوں کو عالمی معیار کی تحقیق اور جدت کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے ملک کی سماجی و معاشی ترقی میں پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ کمیشن پرامن مقاصد کے لیے جوہری سائنس اور ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے مسلسل خدمات انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے چھ جوہری بجلی گھر ملک کو تین ہزار پانچ سو میگاواٹ سے زائد صاف، قابلِ اعتماد اور کم لاگت بجلی فراہم کر رہے ہیں، جس سے قومی توانائی کا تحفظ مضبوط ہونے کے ساتھ ماحول کے تحفظ میں بھی مدد مل رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے اکیس ایٹمی توانائی کینسر ہسپتال اور تشخیصی مراکز ملک کے تقریباً اسی فیصد کینسر کے مریضوں کو جامع طبی سہولیات فراہم کر رہے ہیں، جبکہ کمیشن کے زرعی مراکز بہتر اقسام کی فصلوں کی تیاری، زرعی نقصان رساں کیڑوں کے مؤثر تدارک اور موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ کاشتکاری کے فروغ کے ذریعے قومی غذائی تحفظ کو مضبوط بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کی تحقیق و ترقی کی سرگرمیاں مصنوعی ذہانت، کوانٹم ٹیکنالوجی، سیمی کنڈکٹر تحقیق اور دیگر جدید سائنسی شعبوں میں بھی قومی صلاحیتوں کو وسعت دے رہی ہیں۔ اپنے خطاب کے اختتام پر ڈاکٹر راجہ علی رضا انور نے سائنسی تحقیق، عالمی تعاون اور بین الاقوامی نتھیا گلی سمر کالج کی مسلسل کامیابی کے لیے پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے نوجوان سائنسدانوں پر زور دیا کہ وہ جدت کو اپنائیں، روایتی سوچ سے آگے بڑھیں اور سائنس و ٹیکنالوجی کے ذریعے انسانیت کی خدمت میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ اس سے قبل سمر کالج کے سائنسی سیکریٹری ڈاکٹر راحت اللہ نے شرکاء کا خیر مقدم کرتے ہوئے رواں سال کے سمر کالج کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ اس سال ایشیا، یورپ، شمالی امریکہ، جنوبی امریکہ، اوشیانا اور مشرق وسطیٰ کے بیس ممالک سے تعلق رکھنے والے 45 ممتاز سائنسدان اس علمی اجتماع میں شریک ہیں، جبکہ پاکستان کے معروف محققین، صنعتی ماہرین اور نوجوان سائنسدان بھی اس کا حصہ ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ تین سو منتخب شرکاء سمر کالج میں براہِ راست شرکت کر رہے ہیں، جبکہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کے زیر اہتمام لائیو سٹریمنگ کے ذریعے سینکڑوں مزید افراد بھی سائنسی نشستوں میں شریک ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بھرپور بین الاقوامی شرکت اس ادارے کی بڑھتی ہوئی عالمی ساکھ اور سائنسی تعاون و سائنسی سفارت کاری میں پاکستان کے مضبوط ہوتے کردار کا واضح ثبوت ہے۔ تقریب کے اختتام پر پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے چیئرمین ڈاکٹر راجہ علی رضا انور نے کہا کہ یہ بھرپور شرکت سمر کالج کی بڑھتی ہوئی عالمی اہمیت، سائنسی تعاون میں پاکستان کے مضبوط ہوتے کردار اور "اڑان پاکستان" پروگرام کے اہداف، خصوصاً جدت، انسانی وسائل کی ترقی اور جدید ٹیکنالوجی کے فروغ، کی عکاسی کرتی ہے۔ افتتاحی تقریب کے اختتام پر پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے چیئرمین ڈاکٹر راجہ علی رضا انور نے 51 ویں بین الاقوامی نتھیا گلی سمر کالج میں شریک غیر ملکی اساتذہ اور شرکاء میں یادگاری شیلڈز تقسیم کیں، جبکہ ممبر سائنس ڈاکٹر شکیل عباس روفی نے چیئرمین پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کو یادگاری شیلڈ پیش کی۔

بقیہ 10

کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ دفاتر میں وقت کی پابندی، نظم و ضبط، شفافیت اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ عوامی مسائل بروقت حل کیے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتِ پنجاب کی ترجیحات پر مؤثر انداز میں عملدرآمد کرتے ہوئے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے تمام افسران اور محکمے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ٹیم ورک، باہمی تعاون اور بہتر کوآرڈینیشن کے ذریعے راولپنڈی میں عوامی خدمت، گڈ گورننس اور ترقیاتی منصوبوں کی رفتار کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس میں موجود افسران سے ان کے متعلقہ محکموں کی کارکردگی، جاری منصوبوں اور درپیش مسائل پر بریفنگ بھی لی اور ہدایت کی کہ عوامی فلاح و بہبود سے متعلق تمام امور کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔

بقیہ 11

ملک نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری کی قیادت، رہنمائی اور سرپرستی ان کے لیے ایک قیمتی سرمایہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ دورانِ تعیناتی انہیں ڈپٹی کمشنر کی جانب سے ہر مرحلے پر بھرپور رہنمائی اور تعاون حاصل رہا، جس کی بدولت وہ اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنے میں کامیاب ہوئے۔ ڈپٹی کمشنر نے اختر ملک کو ان کی خدمات کے اعتراف میں یادگاری شیلڈ پیش کی اور ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ 12

انتقال کی خبر سن کر دلی صدمہ پہنچا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی کامل مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند کرے، انہیں اپنی جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے۔ ڈائریکٹر انفارمیشن نے عمر فاروق گوندل اور ان کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ سوگوار خاندان کو صبرِ جمیل، حوصلہ اور استقامت عطا فرمائے۔ آمین

بقیہ 13

نبیل جاوید نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو اپنا کھیت، اپنا روزگار سکیم کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اپنا کھیت اپنا روزگار سکیم سے پنجاب کے 30 ہزار بے زمین خاندانوں کو 20 سالوں کے لئے 1 لاکھ 21 ہزار ایکڑ مل گئی۔ نادار خاندانوں کو زمین کے حقوق بھی اور فی ایکڑ 50 ہزار روپے کی مالی امداد بھی ملے گی۔ اپنا کھیت اپنا روزگار سکیم کے تحت ایگریکلچر ایکسٹینشن ٹیکنیکل سپورٹ بھی فراہم کرے گا۔ اپنا کھیت اپنا روزگار سکیم سے مجموعی طور پر 1 لاکھ 21 ہزار ایکڑ اراضی دی جا رہی ہے۔ پنجاب کے 30 ہزار خاندان کو بس 100 روپے سالانہ فی ایکڑ دینا ہوگا۔ اپنا کھیت اپنا روزگار پروگرام کا آغاز 22 اپریل کو کیا گیا۔ اپنا کھیت اپنا روزگار سکیم کے تحت 29 ہزار لاٹ کی بیلٹنگ مکمل ہوگئی اور 60 ہزار درخواست گزار اور خواتین درخواست گزار 11 ہزار ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ تمام درخواست گزاروں کو پہلی دفعہ ذاتی شنوائی کا موقع دیا گیا۔ درخواست گزاروں کو اپیل فائل کرنے کا موقع دیا گیا۔ ایک ہفتے بعد الاٹمنٹ لیٹر، 31 جولائی تک اراضی کی پوزیشن مل جائے گی۔ اپنا کھیت اپنا روزگار کے لئے ڈسٹرکٹ کمیٹی بنائی گئی، لیز سرٹیفکیٹ جاری کیے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کمپیوٹرائزڈ بیلٹنگ میں کامیابی سے قابل کاشت زرعی اراضی حاصل کرنے والے 30 ہزار خاندانوں کو مبارک باد دی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنا کھیت اپنا روزگار قرعہ اندازی میں کامیاب فیصل آباد کے عبدالستار ولد مختار احمد سے فون پر مبارکباد دی اور کہا کہ اگلے بیس سال کے لیے آپ مالک و مختار ہیں۔ سال کا صرف سو روپے فی ایکڑ دینا ہے، 4 ایکڑ زمین آپ کو ملی ہے، حکومت پنجاب آپ کو کاشتکاری کیلئے 50 ہزار روپے فی ایکڑ دیتے ہیں،، زمین کی تیاری کے لئے آپ کو دو لاکھ روپے بھی ملیں گے۔ اس طرح کسی کی محتاجی نہیں ہوگی اور مدد نہ بھی لینی پڑے گی۔ وزیر اعلیٰ نے خوش نصیب کاشتکار عبدالستار سے بات کرتے ہوئے کہا کہ خوب کماؤ، ترقی کرو اور گھر والوں کو کھلاؤ۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ کا شکر ہے آج پھر سے بہت اچھا دن ہے، بہت زبردست منصوبہ اپنے پایہ تکمیل پہنچا۔ اس پروگرام کے لئے کام کرنے والے صوبائی وزیر زراعت عاشق کرمانی، سیکرٹری زراعت افتخار سہو اور سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو نبیل جاوید اور پوری ٹیم کو شاباش دیتی ہوں اور کاشتکار بھائیوں کو دلی مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ آپ نے کم عرصے میں اپنا کھیت اپنا روزگار کو حقیقت بنایا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے بتایا کہ اپنا کھیت اپنا روزگار سکیم کے کامیاب امیدواروں کو بہت جلد لیز سرٹیفکیٹ مل جائے گا

بقیہ 14

بھی اس کا کوئی احتساب نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی حکومت کی یہ سوچ اور یہ گمان کہ کوئی اس سے باز پرس نہیں کر سکتا، ایک بہت بڑی غلط فہمی ہے۔ نریندر مودی اور اس کے حامیوں کو یاد رکھنا چاہیے کہ ماضی میں بھی پاکستان بھارت کی متعدد غلط فہمیاں دور کر چکا ہے اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے ہر ضروری قدم اٹھانے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ دریائے سندھ پاکستان کی زراعت، معیشت اور قومی بقا کی بنیاد ہے۔ پاکستان کے آبی وسائل پر کسی بھی قسم کی جارحیت یا سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی نہ صرف بین الاقوامی قوانین کی نفی ہے بلکہ یہ پاکستان کی خودمختاری اور سالمیت کو چیلنج کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان اپنی قومی سلامتی، آبی حقوق اور عوام کے مفادات پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ دریائے سندھ سے متعلق کسی بھی غیر قانونی اقدام یا اشتعال انگیزی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اور پاکستان اپنے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے ہر مؤثر فورم پر بھرپور آواز اٹھاتا رہے گا۔

بقیہ 15

دلوائے جائیں گے، جی بی میں حکومت جیتنے والے اور ہارنے والے کی بھی ہے، کسی جماعت کو فرق محسوس نہیں ہونے دیں گے، سب گلگت بلتستان کے ہیں، سردیوں سے پہلے ہم گلگت بلتستان میں بلدیاتی انتخابات کروائیں گے، ہم نے ملٹری سطح پر بھارت کو شکست دی تو انہیں ہضم نہیں ہوئی، ہم آپ کو جواب دیں گے، سندھ ہو پر سودا نہیں کریں گے، جنگ بھی کرنی پڑی تو جنگ کریں گے۔ وزیر اعلی گلگت بلتستان کی حلف برداری کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام آج تک ذوالفقار علی بھٹو کو یاد کرتے ہیں، انہوں نے ڈوگرہ راج سے آزادی حاصل کی تھی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں، یہاں کے عوام کو آئینی حقوق دلوائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میں وہ دن دیکھنا چاہتا ہوں جب یہاں کے نمائندے میرے ساتھ قومی اسمبلی میں ہوں گے، حق ملکیت کا جو پیپلز پارٹی نے وعدہ کیا ہے اس وعدے پر عملدرآمد کیا جائے، یہاں پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کے ذریعے فارمنگ کی جا سکتی ہے۔ چیئرمین پی پی پی نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ہمارا مینڈیٹ تسلیم کیا، گلگت بلتستان کے مسلم لیگ کے نمائندوں نے ہماری حمایت کی، آپ کو محسوس نہیں ہونے دیں گے کہ ہم حکومتی اور آپ اپوزیشن بینچوں پر ہیں، ہم مل کر اس خطے کی ترقی کے لیے کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جو وفاق میں ہمیں مل کر کام کرنا ہے وہ ہم کریں گے، یہ ہماری ذمے داری ہے کہ ایسا معاشی ماحول بنائیں کہ یہاں کے لوگوں کو روزگار ملے، سب سے زیادہ میریٹ یہاں گلگت بلتستان میں موجود ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ جی بی میں حکومت جیتنے والے اور ہارنے والے کی بھی ہے، کسی جماعت کو فرق محسوس نہیں ہونے دیں گے، سب گلگت بلتستان کے ہیں، سردیوں سے پہلے ہم گلگت بلتستان میں بلدیاتی انتخابات کروائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ان سپاہیوں کو سلام پیش کرتے ہیں جو جی بی اور گلگت بلتستان کے بارڈر پر ہیں، ہم نے ملٹری سطح پر بھارت کو شکست دی تو انہیں ہضم نہیں ہوئی، ہم آپ کو جواب دیں گے، سندھ ہو پر سودا نہیں کریں گے، جنگ بھی کرنی پڑی تو جنگ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ میرا منشور حق حاکمیت، حق ملکیت اور روزگار ہے، آنے والے آزاد کشمیر کے انتخابات میں میرا یہی منشور ہوگا، اب ایک نئی نسل کشمیر میں بھی اپنے حقوق کے لیے لڑنا چاہتی ہے، ایک گروپ انہیں دوسری سمت لے جانا چاہتا ہے۔

بقیہ 16

کا حلف لیا۔ امجد حسین ایڈووکیٹ کی تقریب حلف برداری میں میں چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور وفاقی وزیر امیر مقام بھی موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلی امجد حسین ایڈووکیٹ نے کہا کہ 7 جون 2026 کو پیپلز پارٹی گلگت بلتستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت بن کر ابھری، الیکشن میں نوجوانوں اور خواتین کا بڑا اہم کردار ہے، عوام نے پیپلز پارٹی کو بھاری مینڈیٹ دیکر بڑی ذمہ داریاں دی ہیں۔ انہوں نے کہا ان سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے پیپلز پارٹی پر اعتماد کیا، مرکز میں پیپلز پارٹی کی حکومت نہ ہونے کے باوجود عوام نے پیپلز پارٹی پر اعتماد کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنی قیادت کا شکر گزار ہوں کہ جس نے بھرپور اعتماد کیا، مسلم لیگ ن کی قیادت کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے پیپلز پارٹی کو حکومت بنانے کا موقع دیا۔ امجد حسین ایڈووکیٹ نے کہا کہ ہمارے پاس جو موسم ہے وہ شاید دنیا میں کسی کے پاس بھی نہ ہو، ہمیں یہاں دنیا کے لیے زمینی اور ہوائی سفر کی سہولیات دینی ہوں گی، ہم تمام سیکٹرز میں ریفارم کریں گے، گلگت بلتستان کو پاکستان کا ماڈل صوبہ بنائیں گے، عوام کی توقعات پر پورا اترنے کی کوشش کریں گے۔

بقیہ 17

سے 50 سے زائد افغان شہری ہولڈنگ کیمپ منتقل کیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق افغان سٹیزن کارڈ کے حامل افراد کو کیمپ سے افغانستان بھجوایا جائیگا۔ ذرائع کے مطابق کارڈ ہولڈر خاندانوں کو بھی تحویل میں لیکر کیمپ منتقل کیا جائیگا۔

بقیہ 18

کہ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل رکھنے کی ناکام کوشش نہ تو قانونی حیثیت رکھتی ہے اور نہ ہی اخلاقی جواز رکھتی ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ اس اقدام سے بھارت کو عالمی سطح پر شرمندگی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوا، بھارت کا یہ طرزِ عمل اقوام متحدہ کے توثیق شدہ "One Water, One Vision" اصول کی بھی کھلی خلاف ورزی ہے جو آبی وسائل کے منصفانہ اور ذمہ دارانہ استعمال پر زور دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سندھ طاس معاہدے کے تحت اپنے آبی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن سفارتی اور قانونی اقدام جاری رکھے گا۔

بقیہ 19

رکاوٹوں کے خاتمے کے بعد فلیگنگ سیمنٹ اور لکی سیمنٹ سمیت 7 کمپنیوں کے منصوبوں کو پیش رفت ملی۔ اسی سہولت کاری کے نتیجے میں لکی سیمنٹ نے کراچی پلانٹ کی اپ گریڈیشن مکمل کی اور پیداواری صلاحیت بڑھا دی، کراچی پلانٹ کی سالانہ پیداواری صلاحیت 3 لاکھ ٹن بڑھ کر 5.35 ملین ٹن ہوگئی ہے۔ کمپنی کے مطابق اس اپگریڈیشن سے فیول ایفیشنسی بہتر اور کوئلے کے استعمال میں کمی متوقع ہے، اس توسیع کے بعد لکی سیمنٹ کی مجموعی پیداواری صلاحیت بڑھ کر 15.6 ملین ٹن سالانہ ہوگئی ہے، لکی سیمنٹ پاکستان کی سب سے بڑی سیمنٹ پروڈیوسر کمپنی کے طور پر اپنی پوزیشن مزید مضبوط کر رہی ہے

بقیہ 20

دوسری جانب کیسکو نے بتایا کہ متاثرہ 132 کے وی کی ٹرانسمیشن لائن سبی سے بولان تک بجلی فراہم کر رہی تھی۔ کیسکو کے مطابق بجلی کی بحالی کے لیے کیسکو کی امدادی و تکنیکی ٹیمیں متاثرہ مقام پر پہنچیں

بقیہ 21

سے باضابطہ تعاون اور کارروائی کی درخواست کر دی ہے۔ دوسری جانب شہر بھر میں رجسٹرڈ اور غیر رجسٹرڈ سکولوں کے سروے کی ڈیڈ لائن میں بھی توسیع کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ سی ای او ایجوکیشن اتھارٹی طارق محمود کے مطابق گزشتہ روز تمام رجسٹرڈ اور غیر رجسٹرڈ سکولوں کا سروے مکمل کر لیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ اب تک 744 سے زائد سکولوں کو رجسٹریشن سے متعلق نوٹسز جاری کیے جا چکے ہیں، جبکہ غیر رجسٹرڈ تعلیمی اداروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کا عمل جاری رہے گا۔

بقیہ 22

عبدالقدیر خان کو مستقل ایم ایس تعینات ہونے تک اگلے تین ماہ کیلئے ایم ایس نشتر ہسپتال ملتان کا اضافی چارج دے دیا گیا ہے۔ اس حوالہ سے نوٹی فکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 23

ملزم کو چھاپہ مار کارروائی میں رحمن پورہ لاہور سے گرفتار کیا گیا۔ ملزم نے شہری سے کینیڈا ورک ویزا کے لئے 11 لاکھ روپے ہتھیائے، ملزم شہری کو بیرون ملک بھجوانے میں ناکام رہا اور روپوش ہو گیا تھا۔ ملزم کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 24

لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے سائل شرافت علی کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کا موقف تھا کہ وہ لیز ہولڈر ہے اور حکم امتناعی موجود ہونے کے باوجود پولیس نے اراضی کے معاملے میں مداخلت کی، جس پر اس نے ہائیکورٹ سے رجوع کیا۔ دوران سماعت سی پی او گوجرانوالہ ڈاکٹر غیاث گل اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل وقاص عمر کے ہمراہ پیش ہوئے اور انکوائری رپورٹ جمع کرائی۔ چیف جسٹس نے سی پی او سے استفسار کیا کہ انکوائری کا کیا نتیجہ نکلا؟ اس پر سی پی او نے بتایا کہ ریونیو ریکارڈ کے مطابق رپورٹ درخواست گزار کے حق میں آئی ہے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ریمارکس دیئے کہ پولیس نے اس معاملے کو صرف اپنے دائرہ اختیار کے مطابق دیکھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک پٹواری دس دس رپورٹیں لوگوں کی منشا کے مطابق لکھتا ہے۔ مدعی مقدمہ کے وکیل نے ریونیو رپورٹ کو غلط قرار دیا تو چیف جسٹس نے ہدایت کی کہ اگر رپورٹ پر اعتراض ہے تو اسے متعلقہ ریونیو اتھارٹی کے سامنے چیلنج کیا جائے۔ انہوں نے یہ بھی ریمارکس دیئے کہ فریقین کے سول دعوے پہلے ہی متعلقہ دیوانی عدالت میں زیر التواء ہیں۔ بعد ازاں درخواست گزار کے وکیل نے پولیس کی انکوائری رپورٹ پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے مزید دلائل دینے سے گریز کیا، جس پر عدالت نے درخواست نمٹا دی۔

بقیہ 25

بتایا کہ لاہور ٹریفک پولیس اب تک 12 ہزار سے زائد آن لائن کیبز اور رکشوں میں کیو آر ٹریک بٹن نصب کر چکی ہے، جبکہ شہر کے 45 سیکٹرز میں ٹریفک پولیس کی خصوصی ٹیمیں یہ سہولت فراہم کرنے کے لیے متحرک ہیں۔ سی ٹی او لاہور نے کہا کہ رکشہ یونینز کے مطالبے پر شہریوں کی سہولت کے لیے مزید 4 نئے لائسنس سینٹرز بھی قائم کر دیئے گئے ہیں تاکہ رجسٹریشن اور دیگر ضروری امور جلد مکمل کیے جا سکیں۔ انہوں نے متعلقہ ٹرانسپورٹرز سے اپیل کی کہ مقررہ مہلت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے تمام قانونی تقاضے پورے کریں تاکہ بعد ازاں کارروائی سے بچا جا سکے۔

بقیہ 26

ہے۔ اس سلسلے میں منعقدہ ایک تعزیتی ریفرنس میں پی آئی ڈی حیدرآباد کے انفارمیشن افسر وشال امیر، سپرینٹنڈنٹ شہزاد نبی اور دیگر اسٹاف نے پی آر اے کے صدر ایم بی سومرو سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ تعزیتی اجلاس میں شرکاء نے مرحومہ کی روح کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند کرے اور لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کے لیے صبرِ جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 27

ہے۔ حکام نے بتایا ہے کہ کراچی کی تمام 201 یونینز میں خصوصی انسدادِ پولیو مہم چلائی جائے گی۔ محکمہ صحت کے مطابق پولیو ٹیموں کی سکیورٹی کے لیے 7 ہزار 358 پولیس اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔

بقیہ 28

ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام اس تقریب میں چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کر کے تربیت مکمل کرنے والے نئے افسران کی حوصلہ افزائی کی اور ان میں اسناد تقسیم کیں۔ مختلف مقررین نے تربیت مکمل کرنے والے افسران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ افسران فیلڈ میں عوامی خدمت اور صوبے کی انتظامی بہتری میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں گے۔ اس موقع پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری، سیکرٹری قانون، سیکرٹری ایم پی ڈی ڈی اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 29

وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جاز کیش ایپ کے ذریعے 5 ہزار روپے سے انوسٹمنٹ کی جا سکتی ہے، انفرادی طور پر کی جانے والی یہ انوسٹمنٹ فائدہ مند ہوگی، پاکستان سٹاک مارکیٹ میں بھی سرمایہ کاری کرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوا، نوجوان خصوصاً جین زی کو سرمایہ کاری کی جانب راغب کرنے کی کوشش کی ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ انویسٹ پاک پورٹل عالمی معیار کی سہولت فراہم کرے گا، انویسٹ پاک پورٹل جیسے ڈیجیٹل پلیٹ فارم اہم سنگ میل ہیں، پورٹل سرمایہ کاری کے عمل کو تیز رفتار بنائے گا، معاشی ترقی کیلئے نجی شعبے کا کردار انتہائی اہم ہے۔ قبل ازیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا کہ سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے مؤثر اقدامات کئے جا رہے ہیں، انوسٹ پاک پورٹل ڈیجیٹل سرمایہ کاری کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ انوسٹ پاک پورٹل ڈیجیٹل سے سرمایہ کاروں کو آن لائن سہولیات میسر ہوں گی۔ گورنر سٹیٹ بینک کا کہنا تھا کہ ملک معاشی استحکام کی طرف گامزن ہے، ون ونڈو سہولت سے سرمایہ کاری کے عمل میں تیزی آئے گی، جدید ڈیجیٹل نظام سے شفافیت اور سہولت میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 30

تحفظ کے لیے جان کا نذرانہ پیش کرنا اعلیٰ انسانی اقدار اور قومی خدمت کی روشن مثال ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان میں صدرِ مملکت نے شہید گروپ کیپٹن عاصم طارق کے اہلِ خانہ سے اظہارِ تعزیت کیا اور صبرِ جمیل کی دعا کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ اسلام آباد کی اہم شاہراہ پر اس طرح کی واردات باعث تشویش ہے، ایسے واقعات کے مکمل سدباب کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 31

حجاج شکایات، اعتراضات یا تجاویز 20 جولائی تک جمع کرائیں، حجاج کرام دستخط شدہ شکایات ثبوتوں اور دستاویزی شواہد کے ساتھ وزارت کو ارسال کریں۔ ترجمان کے مطابق موصولہ شکایات کی جانچ مقررہ طریقہ کار کے مطابق کی جائے گی، منظم اور شیئر ہولڈر کمپنیوں کے لائسنسز کا فیصلہ کارکردگی کی بنیاد پر ہوگا۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق موصولہ شکایات کو لائسنسوں کی ری ویلیڈیشن، تجدید اور منسوخی کے عمل میں مدنظر رکھا جائے گا، وزارت مذہبی امور نے منظم کی شیئر ہولڈرز کمپنیوں سے 5 فیصد پرفارمنس گارنٹی حاصل کر رکھی ہے۔ ترجمان کے مطابق حجاج کرام اپنی شکایات بذریعہ ڈاک یا ای میل 20 جولائی 2026ء تک ارسال کریں، اس کے بعد موصول ہونے والی شکایات قابل سماعت نہیں ہوں گی۔

بقیہ 32

گئے۔ جعلی ٹک ٹاک اکاؤنٹس کے ذریعے خواتین کا قابل اعتراض مواد پھیلانے والے ملزمان بھی گرفت میں آ گئے۔ کارروائیوں کے دوران موبائل فونز، سمیں اور دیگر اہم ڈیجیٹل شواہد قبضے میں لے لیے گئے۔ اس حوالے سے ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب محمد علی وسیم نے کہا کہ بچوں اور خواتین کے خلاف سائبر کرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلا امتیاز آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 33

چکا تھا، جس کے بعد 2024ء میں نامعلوم افراد نے گھر میں گھس کر قتل کرنے کی بھی کوشش کی تھی۔ ذرائع کے مطابق عامر سرفراز عرف عامر تانبا کی طبیعت گزشتہ کچھ عرصے سے ناساز تھی۔ طبیعت زیادہ خراب ہونے پر اسے اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں وہ دورانِ علاج انتقال کر گیا۔ عامر سرفراز عرف عامر تانبا ان دو افراد میں شامل تھا جن پر 2013ء میں لاہور کی کوٹ لکھپت جیل میں بھارتی جاسوس سربجیت سنگھ پر حملے کا الزام تھا۔ بھارتی جاسوس سربجیت سنگھ کو 1990ء میں پاکستانی سرحد عبور کرنے پر گرفتار کیا گیا تھا۔ اس پر لاہور، ملتان اور فیصل آباد میں ہونے والے بم دھماکوں کا الزام تھا، جن میں 14 پاکستانی شہری جاں بحق ہوئے تھے۔ سربجیت سنگھ نے پہلے خود کو ایک کسان ظاہر کیا تھا اور موقف اپنایا تھا کہ اس نے غلطی سے پاکستانی سرحد عبور کی، بعد ازاں اس نے اپنے جرم کا اعتراف کر لیا تھا۔ عدالتی کارروائی کے بعد 1991ء میں پاکستانی عدالتوں نے اسے سزائے موت سنائی تھی، جس کی توثیق سپریم کورٹ نے بھی کی۔ وہ دو دہائیوں سے زائد عرصے تک کوٹ لکھپت جیل میں قید رہا۔ اس دوران سربجیت سنگھ نے کئی مرتبہ معافی کی درخواست کی تھی جو کہ رد کر دی گئی تھی۔ سربجیت سنگھ پر قاتلانہ حملے کا واقعہ 26 اپریل 2013ء کو لاہور کی سینٹرل جیل کوٹ لکھپت میں پیش آیا تھا۔ جیل انتظامیہ کا کہنا تھا کہ جب سربجیت سنگھ کو معمول کی چہل قدمی کے لیے کال کوٹھڑی سے باہر لایا گیا تو اسی دوران دو قیدیوں نے اس پر قاتلانہ حملہ کیا۔ حملے کے نتیجے میں سربجیت سنگھ کے سر پر گہری چوٹیں آئی تھیں، جس کے بعد اسے انتہائی تشویشناک حالت میں جناح ہسپتال لاہور منتقل کیا گیا تھا۔ وہ کئی روز تک انتہائی نگہداشت وارڈ (آئی سی یو) میں وینٹی لیٹر پر زیر علاج رہا تاہم 2 مئی 2013ء کو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ بعد ازاں اس کی لاش بھارت کے حوالے کر دی گئی تھی۔ حملے کے بعد عامر تانبا اور مدثر منیر کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کیا گیا۔ ابتدائی بیانات میں حملہ آوروں نے موقف اختیار کیا تھا کہ انہوں نے یہ حملہ حب الوطنی کے جذبے کے تحت کیا کیوں کہ سربجیت سنگھ پاکستان میں بم دھماکوں کا ماسٹر مائنڈ تھا جس میں کئی شہری قتل ہوئے تھے۔ تاہم دسمبر 2018ء میں لاہور کی سیشن عدالت نے تمام گواہوں کے منحرف ہونے اور شواہد کی عدم موجودگی کی بنیاد پر عامر تانبا اور مدثر منیر دونوں کو بری کرنے کا حکم دے دیا۔ بعد ازاں اپریل 2024ء میں اس کیس نے ایک بار پھر توجہ حاصل کی، جب لاہور کے علاقے اسلام پورہ میں نامعلوم موٹر سائیکل سوار گھر میں داخل ہو کر عامر سرفراز عرف عامر تانبا پر فائرنگ کر کے فرار ہو گئے۔

بقیہ 34

ملک محمد احمد خان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں سرگودھا سمیت صوبہ کے تمام اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے اور تاجر برادری کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے سرگودھا آمد پر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں تاجروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ بجٹ میں عوامی فلاح و بہبود، تعلیم، صحت اور دیگر شعبوں کے لیے ریکارڈ فنڈز مختص کیے گئے اور اصلاحاتی اقدامات پر تیزی سے کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں سرگودھا سمیت صوبے بھر کے اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہیں اور اس شدید گرمی کے موسم میں شہریوں کو ایئر کنڈیشنڈ الیکٹرو بسوں میں مفت سفری سہولت وزیر اعلیٰ پنجاب کا بہترین گفٹ ہیں جس سے طلبہ اور خواتین کو خصوصی تحفظ فراہم کیا جا رہا ہے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ تاجروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں انہوں نے کہ ہماری افواج اور قیادت کی کاوشوں سے ایران اور امریکہ کے درمیان امن معاہدہ ممکن ہوا۔ جس سے قومی سطح پر ملک پاکستان کا وقار بلند ہوا۔ اس موقع پر چیمبر کے صدر خواجہ یاسر قیوم اور دیگر نے سرگودھا میں ویمن یونیورسٹی، آئی ٹی ہب اور موٹروے ایم 2- کے قریب انڈسٹریل زون فیز ٹو کے قیام اور تاجروں کے لیے آسان ٹیکس نظام اور بلاسود قرضوں کی اسکیمیں متعارف کرانے پر زور دیا اور امریکہ کی جانب سے پاکستانی مصنوعات پر عائد 19 فیصد ٹیرف کو کم کرانے کے لیے مؤثر سفارتی کوششوں کا مطالبہ کیا۔ آخر میں سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان کو چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی طرف سے یادگاری شیلڈ دی گئی۔

بقیہ 35

ہوئے دوہرے قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے سابقہ دشمنی کی بنا پر اپنے ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے دو شہریوں کو قتل کیا تھا، جس کے بعد وہ فرار ہو گیا تھا۔ ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان نے کہا کہ گرفتار اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ عدالت میں چالان کیا جائے گا اور اسے قانون کے مطابق سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے۔

بقیہ 36

کا جائزہ لیتے ہوئے حفاظتی انتظامات کو مزید مؤثر اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کی ہدایت کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس سکیورٹی اسلام آباد رانا عمر فاروق نے سیف سٹی کی ٹیکنیکل ٹیم اور اسپیشل پروٹیکشن یونٹ (SPU) کے افسران کے ساتھ اجلاس کی صدارت کی، جس میں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے اسلام آباد میں مقیم چینی شہریوں کے لیے کیے گئے سکیورٹی انتظامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں ڈی آئی جی سکیورٹی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ حفاظتی اقدامات کو مزید مربوط، مؤثر اور جدید تقاضوں کے مطابق بنایا جائے تاکہ چینی شہریوں کی سکیورٹی کو ہر لحاظ سے یقینی بنایا جا سکے۔ بعد ازاں رانا عمر فاروق نے سکیورٹی ڈویژن کے محرران کے ساتھ بھی اجلاس کیا، جس میں سکیورٹی امور، سرکاری ریکارڈ کی دیکھ بھال اور دفتری نظم و ضبط کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام سکیورٹی معاملات بروقت نمٹائے جائیں، ریکارڈ مکمل اور درست رکھا جائے اور تمام ذمہ داریاں دیانتداری اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دی جائیں۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
07 جولائی 2026ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 07 جولائی 2026 کو راولپنڈی سٹی سرکل صبح 6 سے 10 بجے تک ای ایم ای کمپلیکس، جھنگی، پی اینڈ ٹی وانی، اظہر آباد، سی ڈبلیو او فیڈرز، چکوال سرکل، صبح 6 بجے سے 10 بجے تک، شاہ پور سیداں، خان پور، جنڈ خان زادہ، عبداللہ پور، جلال پور، ساغر پور، سی ڈبلیو او، کچہری، پی ڈی خان، ڈفر، دریا جالپ فیڈرز، اٹک سرکل، صبح 6 بجے سے صبح 10 بجے تک، فوارہ چوک فیڈر، جی ایس او سرکل، صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک، 132 کے وی اے ڈبلیو سی، ایچ ایم سی ٹیکسلا، 132 کے وی سنگجانی پر ہان، صبح 8 تا شام 6 بجے تک 132-KV چکوال- بھگوال- تلہ گنگ، 132KV کھوٹہ سٹی- پالندری، 132KV نیو واہ- باہتر موڑ اور ملحقہ علاقوں میں بھی بجلی بند رہے گی۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

بقیہ 37

ملک، صدر محلہ کمیٹی 1982 ایف سیون، جنرل سیکرٹری علی بخاری اور خواجہ یسین نے کہا کہ درختوں کا تحفظ اور شہریوں کو سایہ دار ماحول فراہم کرنا معاشرتی ذمہ داری ہے، جبکہ سرسبز علاقوں کو کنکریٹ کے ڈھانچوں میں تبدیل کرنا ماحولیاتی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کے خطرات میں اضافے کا باعث بن سکتا ہے۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ اگر دوست ممالک کی یادگار تعمیر کرنا مقصود ہے تو اسے کسی یونیورسٹی، تعلیمی ادارے یا مناسب عوامی مقام پر تعمیر کیا جائے، جہاں طلبہ اور شہری اس کی تاریخی اور سفارتی اہمیت سے بہتر انداز میں آگاہ ہو سکیں۔ مقررین کا کہنا تھا کہ ایف نائن پارک اسلام آباد کا اہم گرین زون ہے، جس کا تحفظ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان کے مطابق پارک میں آئس کریم پارلرز، کافی شاپس اور دیگر تجارتی سرگرمیوں سے ٹریفک، شور، دھویں اور کاربن کے اخراج میں اضافہ ہوگا، جو ماحول اور شہریوں کی صحت پر منفی اثرات مرتب کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صاف ہوا اور صاف پانی بنیادی انسانی ضرورت ہیں، اس لیے ترقیاتی منصوبوں میں ماحولیاتی تحفظ کو اولین ترجیح دی جانی چاہیے۔ انہوں نے حکومت اور متعلقہ اداروں پر زور دیا کہ ایسے منصوبوں کی منظوری سے قبل ماہرین ماحولیات، شہریوں اور سول سوسائٹی سے مشاورت کو یقینی بنایا جائے۔ ایک سوال کے جواب میں مقررین نے کہا کہ ماحولیاتی تحفظ کے نام پر وصول کیے جانے والے ٹیکسز اور لیویز کے استعمال میں شفافیت ہونی چاہیے اور یہ فنڈز ماحول دوست منصوبوں پر خرچ کیے جائیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ اسلام آباد کے گرین ایریاز کے تحفظ کے لیے دیگر ماحولیاتی تنظیموں، شہری گروپوں اور سول سوسائٹی کے تعاون سے عوامی آگاہی مہم بھی چلائی جائے گی۔

بقیہ 38

ہے۔ سرگودھا کے قصبہ کوٹ مومن کے گاں مڈھ رانجھا کے موضع بدین میں مبینہ طور پر رشتہ کے تنازعہ پر جھگڑا میں فائرنگ سے 68 سالہ نذر محمد جاں بحق ہو گیا۔ جس کی نعش کو ریسکیو کر کے پوسٹمارٹم کے لئے RHC مڈھ رانجھا ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور پولیس شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 39

کو اچانک حالت غیر ہونے پر ریسکیو کر کے ڈیلیوری کے لئے ہسپتال منتقل کیا جا رہا تھا کہ مریضہ خاتون نے ریسکیو ایمبولینس میں بچے کو جنم دے دیا۔ جس پر زچہ و بچہ کو THQ ہسپتال سلانوالی منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 40

مطابق راول آفس میں ہونے والے اجلاس میں راول ڈویژن کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے شرکت کی۔ ایس پی راول سعد ارشد نے تمام افسران سے فردا فردا زیر تفتیش مقدمات کی پیش رفت دریافت کی اور ضروری احکامات جاری کیے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ قتل اور دیگر سنگین مقدمات میں سینئر افسران روزانہ کی بنیاد پر فالو اپ اور پیش رفت کی نگرانی کریں، جبکہ کار اور دیگر گاڑیوں کی چوری میں ملوث ملزمان کے خلاف مربوط حکمت عملی کے تحت کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔ ایس پی راول نے مزید ہدایت کی کہ زیر تفتیش مقدمات کو حقائق کی روشنی میں یکسو کیا جائے، چالانوں کی پینڈنسی ختم کی جائے، اشتہاری مجرمان اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں تیز کی جائیں، جبکہ ڈکیتی، راہزنی اور چوری کے مقدمات میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ ملزمان کو شامل تفتیش کر کے ان پر کڑی نظر رکھی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تھانوں میں آنے والے شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں کیونکہ امن و امان کا قیام اور شہریوں کو انصاف کی فراہمی پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔

بقیہ 41

سی پی او نے یادگار شہدا پر حاضری دی، پھول چڑھائے، سلامی پیش کی اور وطن کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس شہدا کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ بعد ازاں انہوں نے شہدا گیلری کا دورہ کیا، شہدا کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا اور وزیٹرز بک میں اپنے تاثرات بھی قلمبند کیے۔

بقیہ 42

سعد ارشد نے کہا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی اور قانون سے فرار ممکن نہیں

بقیہ 43

سید علی ناصر رضوی نے کھلی کچہری کے دوران کہا کہ شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل کا بروقت اور میرٹ پر حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی شہری کو پولیس سے متعلق کوئی مسئلہ درپیش ہو تو وہ بلا جھجک کھلی کچہری میں آ سکتا ہے کیونکہ ان کے دروازے ہمیشہ شہریوں کے لیے کھلے ہیں۔ انہوں نے شہریوں کی درخواستوں پر متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مقررہ وقت کے اندر تمام شکایات میرٹ پر نمٹا کر رپورٹ سنٹرل پولیس آفس ارسال کی جائے۔ آئی جی اسلام آباد نے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو بھی ہدایت کی کہ وہ اپنے دفاتر میں مقررہ اوقات کی پابندی کریں، شہریوں سے بروقت ملاقات کریں۔

بقیہ 44

متعلقہ افسران کو ضروری احکامات جاری کیے۔ اس سے قبل ان کی ہدایت پر وریاپال کے جلوس کے روٹ پر شدید گرمی کے پیشِ نظر پانی کا چھڑکاؤ اور جاکنگ کی گئی، جبکہ جلوس کے قریب ایک سبیل پوائنٹ بھی قائم کیا گیا۔ بعد ازاں ایلاف ویلفیئر آرگنائزیشن کے نمائندگان سے ملاقات میں تحصیل چوک، گرین بس اسٹاپ اور شہدا پارک میں الیکٹرک واٹر کولرز کی تنصیب کی تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے ریونیو افسران کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے بورڈ آف ریونیو کے مختلف اشاریوں (KMIs) اور پلس (PULSE) اہداف کے حصول کا جائزہ لیا اور مقررہ اہداف بروقت مکمل کرنے کی ہدایات دیں۔ آخر میں اسسٹنٹ کمشنر نے سائلین سے ملاقات کر کے ان کے مسائل سنے اور مختلف درخواستوں و شکایات کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری احکامات جاری کیے۔

بقیہ 45

کہ گرین الیکٹرو بس سروس حکومت پنجاب کا گفٹ ہے جس سے شہریوں کو جدید، آرام دہ اور سستی سفری سہولیات میسر آئیں گی۔

بقیہ 46

مختلف اہم شاہراہوں اور مقامات کی نگرانی کر رہے ہیں۔ سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے کہا کہ سیف سٹیز منصوبہ جرائم کی روک تھام، سراغ رسانی اور شہریوں کے تحفظ کے لیے انتہائی اہم ہے، جبکہ جدید ٹیکنالوجی کا استعمال ٹریفک مسائل کے حل میں بھی مؤثر کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ سیف سٹیز کی سہولیات سے زیادہ سے زیادہ استفادہ حاصل کیا جائے تاکہ سکیورٹی اور ٹریفک مینجمنٹ کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔

بقیہ 47

کی چیکنگ کی جبکہ متعدد مشکوک افراد کو جانچ پڑتال کے لیے تھانوں منتقل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا کی نگرانی اور زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشن کیے گئے۔ آپریشن کے دوران 338 افراد، 179 گھروں، آٹھ ہوٹلوں، 46 دکانوں، 217 موٹر سائیکلوں اور 73 گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی، جبکہ مزید جانچ پڑتال کے لیے چھ مشکوک افراد اور 25 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانوں میں منتقل کیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے کہا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ تھانے یا اسلام آباد پولیس کی ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار" 15 پر دیں تاکہ بروقت کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

بقیہ 48

کے مطابق جھگڑے کے دوران لڑکوں نے ایک دوسرے پر مکے اور لاتیں برسائیں، جس کے دوران ریحان گل کے سر پر شدید چوٹ لگی، چوٹ اتنی گہری تھی کہ وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ دوسری جانب واقعے کے بعد یونیورسٹی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اطلاع دے دی گئی۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کر لیے اور واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں، جبکہ جھگڑے میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 49

تفصیلات کے مطابق تھانہ ہمک پولیس کو ایک شہری نے اطلاع دی کہ اس کا کمسن بچہ لاپتہ ہو گیا ہے اور اس کی تلاش میں فوری مدد کی جائے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس نے فوری طور پر رپورٹ درج کر کے تمام تکنیکی اور انسانی وسائل بروئے کار لاتے ہوئے تلاش کا عمل شروع کیا، جس کے نتیجے میں گمشدہ بچے کو قلیل وقت میں بحفاظت بازیاب کر کے والدین کے حوالے کر دیا گیا۔ بچے کے والدین نے بروقت کارروائی پر اسلام آباد پولیس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پولیس نے انتہائی ذمہ داری اور پیشہ ورانہ انداز میں ان کی مدد کی۔

بقیہ 50

اور جرائم کی روک تھام کے لیے مختلف تھانوں کی پولیس ٹیموں نے کارروائیاں کیں۔ تھانہ کراچی کمپنی، گولڑہ، سبزی منڈی، سہالہ، لوہی بھیر اور بنی گالہ پولیس نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 13 ملزمان کو گرفتار کیا۔ ملزمان کے قبضے سے ایک ہزار 210 گرام چرس، ایک ہزار 215 گرام ہیروئن، ایک ہزار 174 گرام آئس، 80 بوتلیں شراب، ایک خنجر اور مختلف بور کے چار پستول معہ ایمونیشن برآمد کیے گئے۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے، جبکہ اشتہاریوں اور عدالتی مفروروں کے خلاف خصوصی مہم کے دوران مزید تین اشتہاری ملزمان کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔

بقیہ 51

چونکہ یہ لو لائنگ ایریا ہے، اس لیے مسئلے کے مستقل حل کے لیے آپشنز محدود ہیں، تاہم پانی کی نکاسی کے وقت کو کم سے کم کرنے اور ممکنہ نقصانات میں کمی لانے کے لیے مختلف تجاویز اور عملی اقدامات پر غور کیا گیا۔ دورے کے دوران حکام نے بارش کے پانی کی جلد از جلد نکاسی کے لیے مؤثر اور قابلِ عمل اقدامات اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ آئندہ مون سون سیزن میں شہریوں کو کم سے کم مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔

درستگی نام

میں انعام الحق، شناختی کارڈ نمبر 37405-2768434-7، سکنہ حبیب کالونی ویسٹریج 3 راولپنڈی، اعلان کرتا ہوں کہ میری بچیوں کے پیدائشی سرٹیفکیٹس جو کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی سے جاری ہوئے ہیں، میں ناموں کے انگریزی اسپیلنگ غلط درج ہوئے ہیں۔ Madikha کے درست اسپیلنگ Madiha اور Khadiqa کے درست اسپیلنگ Hadiqa ہیں۔ آئندہ تمام ریکارڈ میں یہی درست نام تصور کیے جائیں۔

المشتہر: انعام الحق ولد عبدالصمد

تالاب میں ڈوبنے سے مسیح برادری کے دو نوجوان جاں بحق

میٹھا پتن ڈھن تالاب میں نہاتے ہوئے افسوسناک حادثہ، ریسکیو 1122 نے امدادی کارروائی کے بعد دونوں کو ہسپتال منتقل کیا

گہرے پانی اور غیر محفوظ مقامات پر نہانے سے گریز کریں تاکہ مستقبل میں ایسے المناک حادثات سے بچا جا سکے، انتظامیہ

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس): کھیوڑہ کی مسیح برادری سے تعلق رکھنے والے دو نوجوان میٹھا پتن ڈھن تالاب میں نہاتے ہوئے گہرے پانی میں ڈوب کر جاں بحق ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق دونوں نوجوان اپنے اہل خانہ کے ساتھ پکنک منانے کے لیے میٹھا پتن ڈھن گئے تھے۔ گرمی کی شدت کے باعث وہ تالاب میں نہانے کے لیے اترے، تاہم اچانک گہرے پانی میں چلے گئے اور ڈوب گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور امدادی کارروائی کرتے ہوئے دونوں نوجوانوں کو پانی سے نکال کر مریم (بقیہ نمبر 1)

تالاب میں ڈوبنے والے نوجوانوں کی فائل فوٹو

ریس کورس پولیس کی کارروائی، دوہرے قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری گرفتار

اپریل 2025 سے مفرور ملزم ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) ریس کورس پولیس نے دوہرے قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا۔ ملزم اپریل 2025 سے پولیس کو مطلوب تھا۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے کارروائی کرتے (بقیہ نمبر 3 5)

اسلام آباد میں چینی شہریوں کی سکیورٹی مزید مؤثر بنانے کا فیصلہ

ایس پی یو کے افسران کو جدید تقاضوں کے مطابق انتظامات بہتر بنانے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی سکیورٹی اسلام آباد رانا عمر فاروق نے سیف سٹی ٹیکنیکل ٹیم اور اسپیشل پروٹیکشن یونٹ (ایس پی یو) کے افسران کے ساتھ اہم اجلاس میں وفاقی دارالحکومت میں مقیم چینی شہریوں کو فراہم کی جانے والی سکیورٹی (بقیہ نمبر 3 6)

سی پی او ڈی آئی جی حسن مشتاق سکھیرا کا سیف سٹیز راولپنڈی کا دورہ ایس ایس پی سیف سٹیز راولپنڈی آمنہ بیگ نے سی پی او کو بریفنگ دی

راولپنڈی پولیس کا ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے چار ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے تھانہ مورگاہ، ویسٹریج، نیکسلا اور روات کے علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے چار افراد کو حراست میں لیا اور ان کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ بغیر لائسنس اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں، تین افراد گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف مختلف کارروائیوں کے دوران تین افراد کو حراست میں لے کر ان کے قبضے سے چرس اور شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق ویسٹریج پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے ایک کلو 600 گرام چرس برآمد کی۔ صادق آباد پولیس نے ایک ملزم سے 10 لیٹر شراب جبکہ ٹیکسلا پولیس نے ایک ملزم کے قبضے سے تین بوتل شراب برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔

قتل میں ملوث ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک

لاڑکانہ (این این آئی) لاڑکانہ کے علاقہ سرکیٹو پیر میں مبینہ پولیس مقابلہ کے دوران ڈاکو رفیق چانڈیو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا۔ پولیس کے مطابق ہلاک ڈاکو نے چند ہفتے قبل پولیس اہلکار مجیب الرحمان کو شہید کیا تھا، اسی واقعے میں ایک اور پولیس اہلکار زخمی بھی ہوا تھا۔ پولیس کے مطابق ہلاک ڈاکو ڈکیتی، اغوا برائے تاوان اور پولیس مقابلوں سمیت کئی سنگین مقدمات میں ملوث تھا۔

لاہور: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی ریلوے ہیڈ کوارٹرز میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

قتل اور سنگین مقدمات کی روزانہ مانیٹرنگ کا حکم

ریکارڈ یافتہ ملزمان کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں، ایس پی راول سعد ارشد

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی راول سعد ارشد نے راول آفس میں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے زیر تفتیش مقدمات کا تفصیلی جائزہ لیا اور قتل و سنگین مقدمات کی روزانہ بنیادوں پر مانیٹرنگ، اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے اور شہریوں کو بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 4 0)

سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا کا پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

یادگارِ شہدا پر حاضری، شہدا کو خراجِ عقیدت پیش، شہدا گیلری کا بھی دورہ

راولپنڈی (این این آئی) سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی ڈی آئی جی حسن مشتاق سکھیرا نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا، جہاں پولیس کے چاق و چوبند دستے نے انہیں سلامی پیش کی۔ انہوں نے یادگارِ شہدا پر حاضری دے کر پھول رکھے اور شہدا کے درجات کی بلندی کے لیے دعا بھی کی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او راولپنڈی ڈی آئی جی حسن مشتاق سکھیرا کے پولیس لائنز پہنچنے پر پولیس کے چاق و چوبند دستے نے انہیں باقاعدہ سلامی پیش کی۔ (بقیہ نمبر 4 1)

سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی ڈی آئی جی حسن مشتاق سکھیرا کا پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز کا دورہ، پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سی پی او ڈی آئی جی حسن مشتاق سکھیرا کو سلامی پیش کی

کنڈھ کوٹ، سٹی فور فیڈر پر اوور لوڈنگ، 7 گھنٹے بجلی بند

بجلی کی فراہمی معطل رکھنے کے بعد متعدد ٹرانسفارمرز کا لوڈ دوسرے فیڈرز پر منتقل

کنڈھ کوٹ میں بجلی کے دیرینہ مسائل کے مستقل حل کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں

غیر قانونی بجلی استعمال کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے، مطالبہ

کنڈھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کنڈھ کوٹ سب ڈویژن ون سیکو کے تحت آنے والے سٹی فور فیڈر پر مسلسل اوور لوڈنگ اور بار بار ٹرپنگ کے مسئلے کے حل کے لیے سیکو انتظامیہ نے تقریباً سات گھنٹے بجلی کی فراہمی معطل رکھنے کے بعد متعدد ٹرانسفارمرز کا لوڈ دوسرے فیڈرز پر منتقل کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سٹی فور فیڈر پر بجلی کا لوڈ بڑھتے بڑھتے تقریباً 380 ایمپیئر سے تجاوز کر جاتا تھا، جس کے باعث فیڈر بار بار ٹرپ کر جاتا تھا۔ اس صورتحال سے نہ صرف بجلی کی فراہمی شدید متاثر ہو رہی تھی بلکہ شہریوں کو روزانہ طویل لوڈشیڈنگ، بار بار (بقیہ نمبر 4)

وزیراعلیٰ پنجاب کے تحفہ گرین الیکٹرو بس کا بھکر میں افتتاح کر دیا گیا

سرگودھا (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کے تحفہ گرین الیکٹرو بس کا بھکر میں افتتاح کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے تحفہ گرین الیکٹرو بس سروس کا سرگودھا ریجن کے ضلع بھکر میں باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ جس میں ڈپٹی کمشنر بھکر اور ڈی پی او بھکر نے گرین الیکٹرو بس میں سفر کر کے گرین بس سروس کا اجرا کیا اور شہریوں نے ہماری جان ہماری ان مریم نواز کے نعرے لگا کر خوشی کا اظہار کیا اور ڈپٹی کمشنر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر 4 5)

ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس حسن مشتاق سکھیرا نے بطور سی پی او اور راولپنڈی عہدے کا چارج سنبھال لیا، افسران سے تعارفی میٹنگ کی

سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کا سیف سٹیز راولپنڈی کا دورہ

2000 سے زائد کیمرے 24 گھنٹے فعال، جدید ٹیکنالوجی جرائم کی روک تھام میں اہم قرار

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او راولپنڈی ڈی آئی جی حسن مشتاق سکھیرا نے سیف سٹیز راولپنڈی کا دورہ کیا، جہاں ایس ایس پی سیف سٹیز آمنہ بیگ نے انہیں سکیورٹی اور نگرانی کے نظام پر تفصیلی بریفنگ دی۔ تفصیلات کے مطابق بریفنگ میں بتایا گیا کہ راولپنڈی میں سیف سٹیز کے 2000 سے زائد کیمرے چوبیس گھنٹے فعال ہیں اور شہر کی (بقیہ نمبر 4 6)

پنجاب پولیس میں 5 افسران کے تقرر و تبادلے

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس نے 5 افسران کے تقرر و تبادلے کر دیے گئے۔ سعد آفریدی کو ایس پی انویسٹیگیشن نکانہ صاحب تعینات، نعمان ظفر کو ایس پی صدر ملتان تعینات، محمد منیر بدر کو ایس پی انویسٹی گیشن لودھراں تعینات، فرخ جاوید کو ایس پی انویسٹی گیشن بہاولپور تعینات اور جہانداد اکرم کو ایس پی سی سی ڈی ڈیرہ غازی خان تعینات کر دیا گیا ہے۔

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشن

338 افراد، 179 گھروں اور 73 گاڑیوں کی چیکنگ، مشکوک افراد تھانوں میں منتقل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کے سلسلے میں وفاقی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن کرتے ہوئے سینکڑوں افراد، گھروں، ہوٹلوں، دکانوں، گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں (بقیہ نمبر 4 7)

بالائی اور وسطی علاقوں میں آئندہ دو روز آندھی، جھکڑ اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی

سیاحوں، مسافروں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت

آج شام اور رات سے خلیج بنگال سے بھی مرطوب ہواؤں کے شمال مشرقی علاقوں میں داخل ہونے کا امکان ہے

7 اور 8 جولائی کے دوران بالائی خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور کشمیر کے پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ بھی موجود ہے

راولپنڈی (این این آئی) محکمہ موسمیات نے ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں میں آئندہ دو روز کے دوران تیز ہواؤں، آندھی، جھکڑ اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کرتے ہوئے متعلقہ اداروں، سیاحوں، مسافروں اور کسانوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مرطوب ہوائیں مسلسل بحیرہ عرب سے ملک کے بالائی علاقوں میں داخل ہو رہی ہیں جبکہ آج شام اور رات سے خلیج بنگال سے بھی مرطوب ہواؤں کے شمال مشرقی علاقوں میں (بقیہ نمبر 6)

ڈی آئی جی سکیورٹی اسلام آباد رانا عمر فاروق کی محرران کے ساتھ اہم میٹنگ

اسلام آباد پولیس نے گمشدہ بچہ چند ہی لمحوں میں والدین سے ملا دیا

ہمک پولیس کی بروقت کارروائی، والدین نے پولیس کی کارکردگی کو سراہا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے گمشدہ بچے کو فوری کارروائی کرتے ہوئے قلیل وقت میں تلاش کر کے بحفاظت والدین کے حوالے کر دیا، جس پر بچے کے والدین نے پولیس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہا۔ (بقیہ نمبر 4 9)

اسلام آباد پولیس کا مؤثر کریک ڈاؤن، 16 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

منشیات، اسلحہ اور شراب برآمد، تین اشتہاری ملزمان بھی قانون کی گرفت میں آ گئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران سنگین مقدمات میں مطلوب تین اشتہاریوں سمیت 16 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات، اسلحہ، شراب اور ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ (بقیہ نمبر 5 0)

نارووال: حالیہ بارشوں کے بعد نالہ ڈیک میں طغیانی کا منظر

عارف والا، اوباش ملزم کی 6 سالہ بچے کے ساتھ مبینہ زیادتی

عارف والا (این این آئی) اوباش ملزم نے 6 سالہ بچے کو مبینہ طور پر زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا۔ پولیس کے مطابق مبینہ زیادتی کا یہ واقعہ محلہ مشتاق نگر میں پیش آیا، ملزم نے کمسن بچے کو اپنے گھر لے جا کر حوس کا نشانہ بنایا۔ متاثرہ بچے کی حالت غیر ہونے پر اسے تحصیل ہسپتال منتقل کر دیا گیا، تھانہ سٹی پولیس نے بچے کی والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے ضروری کارروائی شروع کر دی۔

ریسکیو 1122 کی ایمبولینس ماں اور بچے کیلئے زندگی کی نوید بن گئی

ریسکیو اہلکاروں نے دورانِ سفر محفوظ ڈلیوری کروا کر ماں اور نومولود کو بحفاظت بینظیر بھٹو ہسپتال منتقل کر دیا

ایسے واقعات ادارے کی عوامی خدمت اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کی بہترین صلاحیت کا عملی ثبوت ہیں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) بروقت کارروائی اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ریسکیو 1122 کے اہلکاروں نے زچگی کی تکلیف میں مبتلا خاتون کی دورانِ سفر کامیاب اور محفوظ ڈلیوری کروا دی۔ تفصیلات کے مطابق پیپلز کالونی، اسٹریٹ نمبر 32، علامہ اقبال روڈ سے زچگی کی تکلیف میں مبتلا خاتون کی اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی ایمبولینس فوری طور پر موقع پر پہنچی اور مریضہ (بقیہ نمبر 2)

نیوٹاؤن پولیس کی کارروائی، دھوکہ دہی کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری گرفتار

مارچ 2025 سے مفرور ملزم ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے قانون کی گرفت میں آ گیا

راولپنڈی (این این آئی) نیوٹاؤن پولیس نے دھوکہ دہی کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا۔ ملزم مارچ 2025 سے پولیس کو مطلوب تھا۔ تفصیلات کے مطابق نیوٹاؤن پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس سمیت دیگر ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے کارروائی کی اور دھوکہ دہی کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم مارچ 2025 سے نیوٹاؤن پولیس کو مطلوب تھا اور گرفتاری سے بچنے کے لیے روپوش تھا۔ ایس پی راول (بقیہ نمبر 4 2)

رشتہ کے تنازعہ پر جھگڑا میں فائرنگ سے 68 سالہ شخص جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں رشتہ کے تنازعہ پر جھگڑا میں فائرنگ سے 68 سالہ شخص جاں بحق ہو گیا۔ جس کی نعش کو پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر کے پولیس شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مصروف تفتیش (بقیہ نمبر 3 8)

سرگودھا میں حاملہ خاتون نے ریسکیو ایمبولینس میں بچے کو جنم دیدیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں حاملہ خاتون نے ریسکیو ایمبولینس میں بچے کو جنم دے دیا جس پر ڈلیوری کے بعد زچہ بچہ کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ زرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ سلانوالی کے چک 50 جنوبی کے مریم نواز کلینک سے حاملہ خاتون (بقیہ نمبر 3 9)

گرین ایریاز کے تحفظ کے لیے عوامی آگاہی مہم چلائیں گے

ایف نائن پارک میں مجوزہ یادگار کی تعمیر پر تحفظات، متبادل مقام منتخب کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) سیکٹر ایف نائن میں مجوزہ یادگار کی تعمیر کے خلاف شہریوں اور ماحولیات سے وابستہ افراد نے مطالبہ کیا ہے کہ گرین ایریاز اور قدرتی ماحول کو متاثر کرنے کے بجائے منصوبے کے لیے کسی یونیورسٹی، تعلیمی ادارے یا مناسب عوامی مقام کا انتخاب کیا جائے تاکہ دارالحکومت کے سرسبز علاقوں کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر افضل (بقیہ نمبر 3 7)

کہوٹہ پولیس کی کارروائی، قتل کے مقدمے کا مرکزی اشتہاری گرفتار

نومبر 2022 سے مفرور ملزم ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ کہوٹہ پولیس نے قتل کے مقدمے میں مطلوب مرکزی اشتہاری کو گرفتار کر لیا، جو نومبر 2022 سے پولیس کو مطلوب تھا۔ تفصیلات کے مطابق کہوٹہ پولیس نے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمے میں مطلوب مرکزی اشتہاری کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے سابقہ رنجش پر اپنے ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے ایک شہری کو قتل کیا تھا اور واقعے کے بعد فرار ہو گیا تھا۔

آئی جی اسلام آباد کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے

اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کو میرٹ پر فوری انصاف فراہم کیا جائے، سید علی ناصر رضوی

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت کھلی کچہری کا انعقاد کرتے ہوئے شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سنے اور ان کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی اسلام آباد (بقیہ نمبر 4 3)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس کھلی کچہری میں تشریف لائے پولیس افسران اور شہریوں کی شکایات و مسائل سن کر ان کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی احکامات جاری کئے

اسسٹنٹ کمشنر چکوال کا زیر التوا مقدمات کے جلد فیصلوں کی ہدایت

جلوس روٹ پر پانی کا چھڑکاؤ، واٹر کولرز کی تنصیب اور عوامی شکایات کے فوری حل کے احکامات

چکوال (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر چکوال ڈاکٹر ارسلان سکندر نے ریونیو کورٹ کا انعقاد کرتے ہوئے تقسیم اراضی کے زیر التوا مقدمات کے جلد فیصلوں کی ہدایت جاری کی، جبکہ جلوس روٹ پر عوامی سہولیات، واٹر کولرز کی تنصیب اور شہری شکایات کے فوری حل سے متعلق بھی اہم اقدامات کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ریونیو کورٹ میں وہ مقدمات زیر سماعت آئے جو 60 روز سے زائد عرصے سے زیر التوا رہنے کے باعث اسسٹنٹ کمشنر کے لاگ اِن پر منتقل ہوئے تھے۔ ڈاکٹر ارسلان سکندر نے ان مقدمات کے بروقت فیصلوں کے لیے (بقیہ نمبر 4 4)

ڈھوک سہلہ پل کے قریب انسانی لاش کا ڈھانچہ برآمد

ابتدائی طور پر لاش کی شناخت ایک ماہ سے لاپتہ شخص بختیار احمد کے نام سے ہوئی

چکوال (این این آئی) ڈھوک سہلہ پل کے قریب برساتی نالے سے انسانی لاش کا ڈھانچہ برآمد ہوا ہے، جس کی ابتدائی شناخت بختیار احمد ولد مختار احمد، سکنہ ڈھریالہ کہون (چوآ سیدن شاہ) کے نام سے کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ابتدائی معلومات کے مطابق متوفی کی عمر تقریباً 37 سال تھی اور وہ گزشتہ کئی برسوں سے ذہنی مسائل کا شکار تھے۔ اہلِ خانہ کے مطابق وہ اکثر گھر سے بغیر اطلاع کے چلے جاتے تھے اور گزشتہ ایک ماہ سے لاپتہ تھے۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

جائیداد کے تنازع پر بہن بھائیوں کے ہاتھوں قتل

دس سال کی قانونی جنگ، متعدد درخواستیں، پھر بھی خون بہہ گیا، نظام تحفظ پر سنگین سوالات

بی بی رانی انصاف جیت گئی، مگر زندگی ہار گئی، متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر تحقیقات کا مطالبہ

فیصل آباد (خصوصی رپورٹ) تحصیل تاندلیانوالہ، ضلع فیصل آباد کے تھانہ گھڑ کی حدود، چک نمبر 454 گ ب میں جائیداد کے تنازع نے ایک المناک رخ اختیار کر لیا، جہاں بی بی رانی نامی خاتون کو مبینہ طور پر کلہاڑیوں کے وار کر کے قتل کر دیا گیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کرتے ہوئے مقتولہ کے بھائیوں ستار اور غفار کو گرفتار کر لیا ہے، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔ ذرائع اور اہل خانہ کے مطابق جائیداد کا تنازع گزشتہ تقریباً دس سال سے عدالت میں زیر سماعت تھا اور عدالت نے فیصلہ بی بی رانی کے حق میں سنایا تھا۔ مقتولہ کے شوہر عارف ولد لیاقت کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے ممکنہ خطرے کے پیش نظر تھانہ گھڑ میں متعدد تحریری درخواستیں جمع کروا کر جان کے خطرے سے آگاہ کیا اور تحفظ فراہم کرنے کی اپیل کی، مگر ان کے بقول پولیس نے بروقت اور مؤثر اقدامات نہیں کیے، جس کے باعث یہ افسوسناک سانحہ پیش آیا۔ ان کا مؤقف ہے کہ ایک خاتون نے دس سال عدالتوں میں قانونی (بقیہ نمبر 3)

جائیداد کے تنازعہ پر بھائیوں کے قتل ہونے والی بہن

پولیس حکام کو دی گئی درخواستیں اور ایف آئی آر کا عکس

ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی کا مری کے مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ

دورے کے آغاز میں ڈپٹی کمشنر نے جی ٹی روڈ مری پر جاری سڑک کی تعمیر اور کارپٹنگ کے ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا

سالی ہسپتال کے دورہ کے دوران مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی فراہمی اور عملے کی حاضری کا چیک کیا

فروغ تعلیم اور بچیوں کیلئے سکولوں میں بہترین ماحول کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی

راولپنڈی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے مری کے مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری ترقیاتی منصوبوں سمیت صحت، تعلیم اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا موقع پر جائزہ لیا۔ دورے کے آغاز میں ڈپٹی کمشنر نے جی ٹی روڈ مری پر جاری سڑک کی تعمیر اور کارپٹنگ کے ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے تعمیراتی کام کی رفتار اور معیار کو برقرار رکھنے کی سخت ہدایات (بقیہ نمبر 5)

اسلام پورہ میں مون سون سے قبل حفاظتی اقدامات کا جائزہ

واسا اور ضلعی انتظامیہ کی ٹیموں کا لو لائنگ ایریا کا دورہ، پانی کی نکاسی بہتر بنانے پر غور

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کی ہدایت پر منیجنگ ڈائریکٹر واسا چکوال نے واسا ٹیم، میونسپل کمیٹی کے نمائندوں اور مقامی عوامی نمائندوں کے ہمراہ اسلام پورہ کا دورہ کیا تاکہ متوقع مون سون بارشوں کے پیش نظر علاقے کی صورتحال اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا جا سکے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ سال شدید بارشوں کے دوران اسلام پورہ کا یہ نشیبی علاقہ بری طرح متاثر ہوا تھا اور متعدد رہائشی علاقوں میں پانی جمع ہو گیا تھا۔ (بقیہ نمبر 5 1)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوایں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035